اردو میں شناخت: اردو جملوں کے آخر میں رہا ہے/ رہی ہے/ رہا ہوں/ رہے ہو/ رہے ہیں/ رہی ہیں وغیرہ الفاظ آتے ہیں۔

انگریزی ترجمہ کے لئے:

1- فاعل کے بعد am, is are میں سے کوئی ایک۔

2- اگر فاعل I ہو تو am اور he, she, it یا واحد کے ساتھ is اور we, you, they یا جمع کے ساتھ are لگائیں۔

3- فعل کی پہلی فارم کے آگے ing لگائیں۔ اگر فعل کے آخر پر e ہو تو اسے ختم کر کے ing لگا دیں۔

Exercise No.12

1- بوندا باندی ہو رہی ہے۔ 2- کنواں چل رہا ہے۔ 3- میں اس وقت آرام کر رہا ہوں۔ 4- چولہے سے دھواں اٹھ رہا ہے۔ 5- ہم پرانے سکے جمع کر رہے ہیں۔ 6- مجھے چکر آ رہے ہیں۔ 7- آپ اپنے دوست کو الوداع کہہ رہے ہیں۔ 8- وہ دریا میں غوطہ لگا رہا ہے۔ 9- بچے سخت شور مچا رہے ہیں۔ 10- اکبر گندم کاٹ رہا ہے۔ 11- عورت دودھ ابال رہی ہے۔ 12- طلباء سکول کو سجا رہے ہیں۔ 13- وہ مجھے ملنے آ رہا ہے۔ 14- حکومت نئے سکول کھول رہی ہے۔ 15- پاکستان دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔

1.It is drizzling. 2. Persian wheel is working. 3. I am taking rest at this time. 4. Smoke is rising out of hearth. 5. We are collecting old coins. 6. I am feeling dizzy. 7. You are saying good-bye to your friend. 8. He is diving into the river. 9. The children are making much noise. 10. Akbar is harvesting wheat. 11. The woman is boiling milk. 12. The students are decorating school. 13. He is coming to see me. 14. The government is opening new schools. 15. Pakistan is making progress by leaps and bounds.

NEGATIVE

اس Tense کو نفی بنانے کے لئے is, am, are کے بعد not لگائیں جیسے۔

It is not raining cats and dogs.	موسلا دھار بارش نہیں ہو رہی۔
I am not feeling sleepy.	مجھے نیند نہیں آ رہی ہے۔
He is not reading newspaper.	وہ اخبار نہیں پڑھ رہا ہے۔
The girls are not doing sums.	لڑکیاں سوال نہیں نکال رہیں۔
They are not making mistake.	وہ غلطی نہیں کر رہے ہیں۔

Exercise No.13

1- آپ مجھے اپنا پتہ نہیں بتا رہے ہیں۔ 2- وہ جلوس کی قیادت نہیں کر رہا ہے۔ 3- گورنر جلسے کی صدارت نہیں کر رہا ہے۔ 4- وہ دیانتداری سے کام نہیں کر رہا ہے۔ 5- تم میری رائے پر نکتہ چینی نہیں کر رہے ہو۔ 6- یہ افسر اپنے فرائض سے غفلت نہیں برت رہا ہے۔ 7- مزدور کام سے جی نہیں چرا

رہے ہیں۔ 8-ہم پھول نہیں سونگھ رہے ہیں۔ 9-لڑکیاں جماعت میں اونگھ نہیں رہی ہیں۔ 10-وہ اپنے گناہ پر شرمندہ نہیں ہو رہا ہے۔ 11-باورچی کھانا نہیں پکا رہا ہے۔ 12-لڑکے گنے کا رس نہیں پی رہے ہیں۔ 13-عورت مرد کو نہیں پکار رہی ہے۔ 14-امجد کپڑے نہیں بدل رہا ہے۔ 15-عورت چکی نہیں چلا رہی ہے۔

1. You are not giving me your address. 2. He is not leading the procession. 3. The Governor is not presiding over the meeting. 4. He is not working honestly. 5. You are not criticizing my opinion. 6. This officer is not neglecting his duties. 7. The labourers are not shirking work. 8. We are not smelling flowers. 9. The girls are not dozing in the class. 10. He is not repenting upon his sin. 11. The cook is not preparing meal. 12. The boys are not drinking sugar-cane juice. 13. The woman is not calling for the man. 14. Amjad is not changing his dress. 15. The woman is not working on grinding stone.

INTERROGATIVE

اس Tense کا سوالیہ جملہ بنانے کے لئے is, am, are کو شروع میں لگا دیں۔ جیسے:

Am I not combing my hair?	کیا میں بالوں کو کنگھی نہیں کر رہا؟
Are they going to school?	کیا وہ سکول جا رہے ہیں؟
Is she telling a lie?	کیا وہ جھوٹ بول رہی ہے؟
Are you eating apples?	کیا تم سیب کھا رہے ہو؟

اگر جملے میں کیوں (why) کب (when) کہاں (where) کس کا (whose) کس کو (whose) کیسے (How) کتنے (how many) کیا (what) وغیرہ کے الفاظ ہوں تو ان کا ترجمہ شروع میں لکھیں۔

What are you doing?	تم کیا کر رہے ہو؟
Who is coming to see you?	تمہیں کون ملنے آ رہا ہے؟
Why am I spoiling my future?	میں اپنا مستقبل کیوں برباد کر رہا ہوں؟
Where is she going early in the morning?	وہ صبح سویرے کہاں جا رہی ہے؟

Exercise No.14

1- کیا چاند نکل رہا ہے؟ 2- کیا برے لڑکے بسوں پر پتھر پھینک رہے ہیں؟ 3- کیا مزدور مٹی کھود رہے ہیں؟ 4- تم اپنا مکان کیوں بیچ رہے ہو؟ 5- کیا بشیر نیا موٹر سائیکل خرید رہا ہے؟ 6- عورتیں کپڑے کہاں دھو رہی ہیں؟ 7- کتنے آدمی اس کاروبار میں شریک ہو رہے ہیں؟ 8- تم بنک سے کتنا روپیہ نکلوا رہے ہو؟ 9- مجھے رات کے کھانے پر کون دعوت دے رہا ہے؟ 10- بچارے پناہ گزیں کہاں جا رہے ہیں؟ 11- کیا دکاندار گاہک سے زیادہ پیسے وصول کر رہا ہے؟ 12- تم کس کا پیغام لے کر جا رہے ہو؟ 13- ٹھیکیدار کب سے کام شروع کر رہا ہے؟ 14- دروازہ کون کھٹکھٹا رہا ہے؟ 15- تم کون سا رسالہ پڑھ رہے ہو؟

1. Is the moon appearing? 2. Are the bad boys throwing stones at the buses? 3. Are the labourers digging earth? 4. Why are you selling your house? 5. Is Bashir buying new motor cycle? 6. Where are the women washing clothes? 7. How many people are sharing this business? 8. How much money are you withdrawing from the bank? 9. Who is inviting me to dinner? 10. Where are the poor refugees going? 11. Is the shopkeeper overcharging the customer? 12. Whose message are you carrying? 13. When is the contractor setting to work? 14. Who is knocking at the door? 15. Which magazine are you studying?

PRESENT PERFECT TENSE

اردو میں شناخت: اردو جملوں میں اس کی دو طرح شناخت ہوتی ہے۔ لفظ "نے" کے ساتھ اور لفظ "نے" کے بغیر مثلاً:

"نے" کے بغیر جیسے 'میں سبق یاد کر چکا ہوں۔' یعنی آخر میں 'چکا ہے' 'چکی ہے' وغیرہ۔ "نے" لگا کر جیسے 'میں نے سبق یاد کر لیا ہے۔'

لفظ "نے" اور "چکا" "چکی" "چکے" وغیرہ بیک وقت اکٹھے نہیں آ سکتے۔

انگریزی ترجمہ کے لئے:

1- فاعل کے بعد have یا has لگائیں۔

2- فاعل he, she, it یا واحد ہو تو has ورنہ have لگائیں۔

I have bought this book today.	میں نے یہ کتاب آج خریدی ہے۔

Our annual examination has finished. ہمارا سالانہ امتحان ختم ہو گیا ہے۔

You have taken rest. تم نے آرام کر لیا ہے۔

We have given our words. ہم وعدہ کر چکے ہیں۔

The sun has risen up. سورج نکل چکا ہے۔

Exercise No.15

1- کلاک نے چار بجا دیے ہیں۔ 2- امیدوار پرچہ حل کر چکے ہیں۔ 3- مہمان خصوصی انعام تقسیم کر چکا ہے۔ 4- پرنسپل نے طلباء کو اسناد دے دی ہیں۔ 5- ٹیمیں میچ کھیل چکی ہیں۔ 6- عدالت میرے حق میں فیصلہ دے چکی ہے۔ 7- بورڈ نے نتیجہ کا اعلان کر دیا ہے۔ 8- چور گھر میں نقب لگا چکے ہیں۔ 9- میں یہ تصویر بیچ چکا ہوں 10- نسیمہ نے امتحان پاس کر لیا ہے۔ 11- بشیر وظیفہ حاصل کر چکا ہے۔ 12- تمام پرندے اڑ چکے ہیں۔ 13- ہم بندوق چلا چکے ہیں۔ 14- میچ ہار جیت کے بغیر ختم ہو چکا ہے۔ 15- فوج نے قلعے پر قبضہ کر لیا ہے۔

1. The clock has struck four. 2. The candidates have solved the paper. 3. The chief guest has distributed prizes. 4. The principal has given away certificates to the students. 5. The teams have played match. 6. The court has decided in my favour. 7. The board has declared the result. 8. The thieves have broken into the house. 9. I have sold this picture. 10. Nasima has gone through the examination. 11. Bashir has won scholarship. 12. All the birds have flown. 13. We have fired the gun. 14. The match has ended in a draw. 15. The army has captured the fort.

PRESENT PERFECT TENSE

منفی بنانے کے لئے has یا have کے بعد not لگائیں جیسے:

They have not bought mangoes. انہوں نے آم نہیں خریدے۔

He has not broken terms with me. اس نے میرے ساتھ قطع تعلق نہیں کیا۔

You have not finished your work. تم نے اپنا کام ختم نہیں کیا ہے۔

I have not won the prize. میں نے انعام نہیں جیتا ہے۔

The girls have not laid the table. لڑکیوں نے دسترخوان نہیں بچھایا ہے۔

Exercise No.16

1-انہوں نے گمشدہ بچے کی تلاش نہیں کی ہے۔ 2-آپ نے میری درخواست منظور نہیں کی ہے۔ 3-عدالت نے ملزم کی درخواست پر غور نہیں کیا ہے۔ 4-اس نے اپنی بیوی پر اعتماد نہ کیا۔ 5-چوکیدار اپنا فرض ادا نہیں کر چکا۔ 6-تمام مہمان نہیں آ چکے ہیں۔ 7-کھلاڑیوں کو سردشروب نہیں دیئے گئے ہیں۔ 8-کامیاب امیدواروں کو اسناد نہیں دی گئی ہیں۔ 9-اچھے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی ہے۔ 10-ہمارے دوست نے ہم سے مشورہ نہیں لیا ہے۔ 11-سپاہی نے افسر کا حکم نہ مانا۔ 12-دشمن نے ہتھیار نہیں ڈالے ہیں۔ 13-ہماری فوج نے پسپائی اختیار نہیں کی ہے۔ 14-میرے دوستوں نے مجھے جانے نہیں دیا ہے۔ 15-پولیس نے اسے رنگے ہاتھوں نہیں پکڑا ہے۔

1. They have not searched for the lost child. 2. You have not accepted my application. 3. The court has not considered the request of the accused: 4. He has not trusted his wife. 5. The watchman has not done his duty. 6. All the guests have not arrived. 7. The players have not been served with cold drinks. 8. The successful candidates have not been awarded certificates. 9. Good players have not been encouraged. 10. Our friend has not consulted us. 11. The soldier has not obeyed his officer. 12. The enemy has not laid down the arms. 13. Our army has not retreated. 14. My friends have not let me go. 15. The police has not caught him red-handed.

INTERROGATIVE

اس Tense کو سوالیہ بنانے کے لئے has یا have کو شروع میں لکھیں۔

Have I done my duty?	کیا میں نے اپنا فرض پورا کر دیا ہے؟
Who has seen the wind?	ہوا کو کس نے دیکھا ہے؟
Has the rainy season set in?	کیا برسات کا موسم شروع ہو چکا ہے؟
Have they taken the examination?	کیا وہ امتحان دے چکے ہیں؟

Exercise No.17

1-کیا تم بازی جیت چکے ہو؟ 2-کیا تمہارے ساتھی بھاگ چکے ہیں؟ 3-ڈاکوؤں نے امیر آدمی کو کہاں لوٹا ہے؟ 4-آپ نے میرے لئے ٹکٹ کیوں خریدا ہے؟ 5-اس بچے کو کس نے مارا ہے؟ 6-لڑکی نے

یہ بوتل کیوں توڑ دی ہے؟ 7- وہ چھت سے کیسے گرا؟ 8- کیا اسلم کی کھوئی ہوئی رقم واپس مل گئی ہے؟ 9- پولیس مکان میں کیوں داخل ہوئی ہے؟ 10- کیا جھیل میں پانی جم چکا ہے؟ 11- تم نے استعفیٰ کیوں دے دیا ہے؟ 12- کیا اس نے بندوق بھر لی ہے؟ 13- آپ نے روپیہ کہاں رکھا ہے؟ 14- کیا اس نے گاؤں ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا ہے؟ 15- کیا ہم نے اپنا دعویٰ ثابت کر دیا ہے؟

1- Have you won the game? 2. Have your companions run away? 3. Where have the dacoits looted the rich man? 4. Why have you bought ticket for me? 5. Who has spoiled this child? 6. Why has the girl broken this bottle? 7. How has he fallen from the roof? 8. Has Aslam recovered his money? 9. Why has the police entered the house? 10 Has water frozen in the lake? 11. Why have you resigned? 12. Has he loaded the gun? 13. Where have you kept money? 14. Has he left the village for ever? 15. Have we proved our claim?

PRESENT PERFECT CONTINUOUS TENSE

اردو میں شناخت: Present Continuous کے جملوں میں وقت شامل کرنے سے یہ Tense بن جاتا ہے۔ مثلاً

بچہ رو رہا ہے۔	Present Continuous
بچہ دو گھنٹوں سے رو رہا ہے۔	Present Perfect Continuous

وقت دو طرح کا ہوتا ہے۔

1- معین وقت: اس میں وقت کی مقدار مقرر ہوتی ہے۔ مثلاً دو بجے، تین بجے، پیدائش، بچپن، صبح، دوپہر، شام، کل، ہفتہ، اتوار، جنوری، مارچ 1980, 1938، 13 مارچ 1969، 10 نومبر 1967 وغیرہ

2- غیر معین وقت: اس میں وقت کی مقدار مقرر نہیں ہوتی۔ مثلاً ایک گھنٹہ، دو گھنٹے وغیرہ۔ دو دن، دس دن وغیرہ، چار ماہ، چھ ماہ وغیرہ، پندرہ سال، بیس سال وغیرہ۔

جملے میں معین وقت موجود ہو تو since لگائیں۔ جملے میں غیر معین وقت موجود ہو تو for لگائیں۔

انگریزی بنانے کے لئے فاعل کا ترجمہ کرنے کے بعد اس کے مطابق has یا have لگا کر been لگائیں پھر فعل کی پہلی فارم کے ساتھ ing لگائیں اس کے بعد مفعول پھر since یا for کے بعد دیا گیا وقت۔ جیسے

وہ دو گھنٹوں سے پڑھ رہی ہے۔	She has been studying for two hours.

The boys have been making a noise for an hour.	لڑکے ایک گھنٹہ سے شور مچا رہے ہیں۔
I have been doing sums since morning.	میں صبح سے سوال نکال رہا ہوں۔
The horse has been running very fast since 10 O' clock.	گھوڑا دس بجے سے بہت تیز دوڑ رہا ہے۔
We have been listening to the news for five minutes.	ہم پانچ منٹ سے خبریں سن رہے ہیں۔

Exercise No.18

1-اکبر کئی گھنٹے سے پہاڑے یاد کر رہا ہے۔ 2-تم چھ بجے سے دوستوں کو خط لکھ رہے ہو۔ 3-مریض دس منٹ سے چیخ رہا ہے۔ 4-ڈاکٹر دو گھنٹے سے مریض کا معائنہ کر رہا ہے۔ 5-چوکیدار پانچ گھنٹے سے پہرہ دے رہا ہے۔ 6-تم پانچ منٹ سے چاقو تیز کر رہے ہو۔ 7-انجینئر دو ماہ سے پل بنا رہے ہیں۔ 8-نقشہ نویس ایک ہفتے سے عمارت کا نقشہ بنا رہے ہیں۔ 9-کھلاڑی کئی دن سے میچ کھیلنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ 10-میں بدھ سے ٹی وی کی مرمت کر رہا ہوں۔ 11-وہ 1983ء سے پنشن لے رہا ہے۔ 12-کچھ لوگ شام سے نمائش کا لطف اٹھا رہے ہیں۔ 13-سب لوگ ایک گھنٹے سے ایک دوسرے سے بغل گیر ہو رہے ہیں۔ 14-لڑکیاں سات بجے سے ہار بنا رہی ہیں۔ 15-تمام مسلمان یکم رمضان سے روزے رکھ رہے ہیں۔

1- Akbar has been learning tables for several hours. 2. You have been writing letters to your friends since 6 O' clock. 3. The patient has been crying for ten minutes. 4. The doctor has been examining the patient for two hours. 5. The watchman has been keeping watch for five hours. 6. You have been sharpening knife for five minutes. 7. The engineers have been making bridge for two months. 8. The draftsman has been drawing building-map for one week. 9. The players have been making preparation to play match for several days. 10. I have been repairing T.V. since Wednesday. 11. He has been getting pension since 1983. 12. Some People have been enjoying exhibition since evening. 13. All the people have been embracing one another for an hour. 14. The girls have been making garland since 7 O' clock. 15. All the Muslims have been fasting since first Ramzan.

NEGATIVE

اس Tense کو منفی بنانے کے لئے have یا has کے بعد not لگایا گیا ہے۔

You have not been coming to school since Sunday.	تم اتوار سے سکول نہیں آ رہے ہو۔
They have not been bursting into laughter for two hours.	وہ دو گھنٹوں سے قہقہے نہیں برسا رہے ہیں۔
Huma has not been reading well for many days.	ہما کئی دنوں سے اچھی طرح نہیں پڑھ رہی ہے۔
Tailor has not been sewing my coat since morning.	درزی صبح سے میرا کوٹ نہیں سی رہا ہے۔

Exercise No.19

1-لاہور میں کل سے بارش نہیں ہو رہی ہے۔ 2-تالاب میں مینڈک شام سے نہیں ٹرا رہے ہیں۔ 3-ہم اپریل سے افواہوں پر یقین نہیں کر رہے ہیں۔ 4-یہ آدمی صبح سے گھاس نہیں کاٹ رہا ہے۔ 5-کسان کئی ماہ سے نیا ٹریکٹر نہیں خرید رہا ہے۔ 6-اصغر بیس دن سے جھوٹ نہیں بول رہا ہے۔ 7-میں دسمبر سے نیا ناول نہیں لکھ رہا ہوں۔ 8-میرے دوست کئی سالوں سے تحفے نہیں بھیج رہے ہیں۔ 9-مرغیاں جون سے انڈے نہیں دے رہی ہیں۔ 10-ہماری گائے سوموار سے دودھ نہیں دے رہی ہے۔ 11-مرغ کل سے اذان نہیں دے رہا ہے۔ 12-بیل دو دن سے چارہ نہیں کھا رہا ہے۔ 13-اس کا بھائی چار روز سے نماز نہیں پڑھ رہا ہے۔ 14-مریض دو دن سے دوائی نہیں پی رہا ہے۔ 15-شیر سوموار سے مویشیوں پر حملہ نہیں کر رہا ہے۔

1. It **has** not been raining in Lahore since yesterday. 2. The frogs **have** not been croaking in the pond since evening. 3. We have not **been** believing in rumours since April. 4. This man has not been **cutting** grass since morning. 5. Farmer has not been buying new tractor for several months. 6. Asghar has not been telling a lie for twenty days. 7. I have not been writing new novel since December. 8. My friends have not been sending gifts for several years. 9. The hens have not been laying eggs since June. 10. Our cow has not been yielding milk since Monday. 11. The cock has not been crowing since yesterday. 12. The ox has not been eating fodder for two days. 13. His brother has not been offering prayer

for four days. 14. The patient has not been taking medicine for two days. 15. The lion has not been attacking the cattle since Monday.

INTERROGATIIVE

اس Tense کو سوالیہ بنانے کے لئے has یا have کو شروع میں لکھیں۔ بعض اوقات since کو سب سے پہلے لایا جاتا ہے جیسے۔

Has she been knocking at the door for ten minutes.	کیا وہ دس منٹ سے دروازے پر دستک دے رہی ہے؟
Have you been revising this book since 10th February?	کیا تم دس فروری سے اس کتاب کا اعادہ کر رہے ہو؟
Has the gardener been watering the plants for two days?	کیا مالی دو دن سے پودوں کو پانی دے رہا ہے؟
Has Pakistan been making progress since 1985.	کیا پاکستان 1985ء سے ترقی کر رہا ہے؟

Exercise No.20

1- کیا بارش شام سے ہو رہی ہے؟ 2- کیا ہجوم دوپہر سے نعرے لگا رہا ہے؟ 3- بچے صبح سے کتابیں کیوں خراب کر رہے ہیں؟ 4- میرا بھائی کس کارخانے میں 11 تاریخ سے کام کر رہا ہے؟ 5- کیا وہ بیس منٹ سے ناول پڑھ رہا ہے؟ 6- مزدور پانچ گھنٹے سے کہاں کام کر رہے ہیں؟ 7- سڑک بنانے والا انجن دو دن سے کس سڑک کی مرمت کر رہا ہے؟ 8- کیا موسیقار منگل سے گیت گا رہے ہیں؟ 9- مالی کب سے نئے درخت لگا رہا ہے؟ 10- دکاندار تین دن سے دکانیں کیوں سجا رہے ہیں؟ 11- کیا بچہ صبح سے کھلونوں کے ساتھ نہیں کھیل رہا ہے؟ 12- کیا مریض چار دن سے غسل نہیں کر رہا ہے؟ 13- کیا وہ تمہیں دو ماہ سے نصیحت نہیں کر رہا ہے؟ 14- کیا لوگ پانچ بجے سے جلوس میں شامل ہو رہے ہیں۔

1. Has it been raining since evening? 2. Has the crowd been raising slogans since noon? 3. Why have the children been spoiling books since morning? 4. In which factory has my brother been working since 11th instant? 5. Has he been reading novel for twenty minutes? 6. Where have the labourers been working for five hours? 7. Which road has the road-roller been repairing for

two days? 8. Have the musicians been singing songs since Tuesday? 9. Since when has the gardener been planting new trees? 10. Why have the shopkeepers been decorating shops for three days? 11. Has the child not been playing with toys since morning? 12. Has the patient not been taking bath for four days? 13. Has he not been advising you for two months? 14. Have the people been joining in procession since 5 O' clock?

PASSIVE VOICE

فعل (verb) کی دو مشہور قسمیں فعل لازم (Intransitive Verb) اور فعل متعدی (Transitive Verb) ہیں۔

<u>Transitive Verb</u> ایسا فعل جو مفعول کے بغیر اپنے معنی واضح نہ کر سکے مثلاً

The child sucks his thumb. I clean my teeth. He reads a book.

<u>Intransitive Verb</u> ایسا فعل جو مفعول کے بغیر بھی اپنے معنی واضح کر دے مثلاً

The sun shines. Robina wept. Rubi smiles.

Active سے Passive بناتے وقت مندرجہ ذیل باتیں اہم ہیں۔

1۔ صرف Transitive Verb والا جملہ ہی Passive Voice میں تبدیل ہو سکتا ہے۔

2۔ Passive Voice میں Verb ہمیشہ تیسری فارم میں ہوگی۔

3۔ Active Voice ل Passive Voice کا فاعل بنے گا۔

4۔ دونوں کی حالتوں کو بدلنا ہوگا۔ مفعول فاعلی حالت میں اور فاعل مفعولی حالت میں آئے گا۔ مثلاً

Ali offers prayer (Active Voice)
Prayer is offered by Ali (Passive Voice)

5۔ بعض اوقات ایک جملے میں دو مفعول Object ہوتے ہیں۔ ان کی Passive Voice دو طرح سے ہو سکتا ہے۔ مثلاً

☆ He gave me a blow on my chin. (Active Voice)
(i) I was given a blow on my chin by him (Passive Voice)
(ii) A blow was given to me on my chin by him (Passive Voice)

6۔ بعض جملوں میں Subject (فاعل) نہیں ہوتا ایسے جملے صرف Passive Voice میں ہی لکھے جا سکتے ہیں۔ Verb کی تیسری فارم کے بعد by وغیرہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

7۔ ہر Tense کا Passive Voice الگ الگ ہوگا۔

8- منفی بنانے کے لئے پہلے helping verb کے بعد not لگا دیں۔

9- سوالیہ بنانے کے لئے helping verb شروع میں لائیں۔

جہاں دو helping verb ہوں وہاں پہلے والا شروع میں، پھر فاعل، پھر دوسرا۔

10- اگر Active Voice میں who سے شروع ہو تو Passive Voice کو By whom سے شروع کریں۔ باقی Tense کے مطابق بنائیں۔

Tense	O in Sub-case	Helping verb	Real verb تیسری فارم	By	S in Obj. Case
Present	"	Is, are, am	"	"	"
Indefinite	"		"	"	"
Past	"	was, were	"	"	"
Indefinite	"		"	"	"
Future	"	will be, shall be	"	"	"
Indefinite	"		"	"	"
Present	"	Is being	"	"	
Continuous	"	are being am being	"	"	
Past	"	was being	"	"	"
Continuous	"	were being	"	"	"
Future	"	shall be being	"	"	"
Continuous	"	will be being	"	"	"
Present	"	has been	"	"	"
Perfect	"	have been	"	"	"
Past	"	Had been	"	"	"
Perfect	"		"	"	"

Present Indefinite Tense

(Affirmative)

اس Tense کا Passive بنانے کے لئے Active Voice کے مفعول کو فاعلی حالت میں لا کر شروع میں لکھیں پھر Is, am, are میں سے ایک لگائیں۔ اس کے بعد فعل کی تیسری فارم اور by پھر Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لکھیں۔ جیسے:

Ali cleans his teeth. (Active Voice)
His teeth are cleaned by Ali. (Passive Voice)
You write a letter. (Active Voice)
A letter is written by you. (Passive Voice)
A fisherman catches fish. (Active Voice)
Fish are caught by a fisherman. (Passive Voice)

Exercise No.21

1۔ یہاں ریڈیو کے لائسنس بنائے جاتے ہیں۔ 2-وہاں سائیکل کرائے پر دیے جاتے ہیں۔ 3-شاہ جمال روڈ پر جمعہ بازار لگایا جاتا ہے۔ 4-چوبرجی سے سڑک آسانی سے پار کی جا سکتی ہے۔ 5-اس دفتر سے سڑکوں کی مرمت کا ٹھیکہ دیا جاتا ہے۔ 6-تار گھر سے تار بھیجے جاتے ہیں۔ 7-یہاں بنے بنائے لباس فروخت ہوتے ہیں۔ 8-اس کارخانے میں پلاسٹک کے کھلونے بنائے جاتے ہیں۔ 9-جوتے شیشے کی الماریوں میں رکھے جاتے ہیں۔ 10-پھل سردخانے میں رکھے جاتے ہیں۔ 11-آم ملک سے باہر بھیجے جاتے ہیں۔ 12- کئی ملکوں میں بوڑھوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ 13-اس سکول میں یتیم بچوں کو وظائف دیے جاتے ہیں۔ 14-اس کالج میں اساتذہ کو تربیت دی جاتی ہے۔ 15-بعض بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔

1. Radio licences are issued here. 2. Bicycles are hired out there. 3. Juma Bazaar is held at Shah Jamal road. 4. The road can be crossed easily at Chauburji. 5. The contract for construction of roads is offered from this office. 6. Telegrams are sent from Telegraph Office. 7. Ready- made garments are sold here. 8. Plastic toys are made in this factory. 9. Shoes are exhibited in glass show cases. 10. Fruits are kept in cold storage. 11. Mangoes are exported. 12. The old are looked after in several countries. 13. The orphans are awarded stipends in this school. 14. Teachers are

trained in this college. 15. Oil is pressed out of certain seeds.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے is, am, are کے بعد not لگا دیں جیسے۔

Ali is not punished. — علی کو سزا نہیں دی جاتی۔

They are not fined. — انہیں جرمانہ نہیں ہوتا۔

I am not abused. — مجھے گالیاں نہیں دی جاتیں۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے is, am, are کو شروع میں لکھ دیں۔

Are you taught English? — کیا تمہیں انگریزی پڑھائی جاتی ہے؟

Is the horse broken in? — کیا گھوڑے کو سدھایا جاتا ہے؟

Am I given prize? — کیا مجھے انعام دیا جاتا ہے؟

Exercise No.22

1-بری صحبت کیسے اختیار کی جاتی ہے؟ 2- کیا جمعہ بازار میں سستی چیزیں بیچی جاتی ہیں؟ 3-باغ سے سیب نہیں چرائے جاتے ہیں۔ 4-عدالت میں جھوٹ نہیں بولا جاتا ہے۔ 5-موٹر گاڑیاں کہاں نیلام ہوتی ہیں؟ 6- کیا ریلوے اسٹیشن پر سامان تولا جاتا ہے؟ 7-اس رجسٹر میں دستخط نہیں کئے جاتے ہیں۔ 8-ایسے برے آدمی کو معاف نہیں کیا جاتا ہے۔ 9-مکان میں سفیدی کب کی جاتی ہے؟ 10- کیا روپیہ بنک میں جمع کیا جاتا ہے؟ 11-انعام کس کو دیا جاتا ہے؟ 12- کس دریا پر پل باندھا جاتا ہے؟ 13-اس چھاپہ خانے میں اشتہار نہیں چھاپے جاتے۔ 14- کالج میں طلبہ کب داخل کئے جاتے ہیں؟ 15- آم یہاں سے لاہور نہیں بھیجے جاتے ہیں؟ 16- کیا آپ کے سکول میں انگریزی اخبار پڑھا جاتا ہے؟ 17- کمرہ امتحان میں نقل کیسے کی جاتی ہے؟ 18- کیا ہر سال گاؤں سجایا جاتا ہے؟ 19-بعض آدمی پہچانے نہیں جاتے ہیں۔ 20-مجھے گھر سے کیوں نکالا جاتا ہے؟ 21-حمید کو کیا سزا دی جاتی ہے؟ 22- کیا کتے کو رات کے وقت کھول دیا جاتا ہے؟

1. How is bad company adopted? 2. Are cheap goods sold in Juma Bazaar? 3. Apples are not stolen from the orchard. 4. Lie is not told in the court. 5. Where are the motor vehicles auctioned? 6. Is

luggage weighted at railway station? 7. Signatures are not signed in this register. 8. Such a bad man is not forgiven. 9. When is the house whitewashed? 10. Is money deposited in bank? 11. Who is given prize? 12. Which river is bridged? 13. Advertisements are not printed in this printing press. 14. When are the students admitted in college? 15. Mangoes are not sent to Lahore from here. 16. Is English newspaper read in your school? 17. How is copied in the examination room? 18. Is the village decorated every year? 19. Some people are not recognized. 20. Why am I turned out of the house? 21. What punishment is exercised on Hamid? 22. Is the dog unchained at night?

Present Continuous Tense

(Affirmative)

Active Voice کے مفعول کو فاعلی حالت میں لا کر شروع میں لکھیں۔ پھر اس کے مطابق is, am, are کے بعد being لگائیں فعل کی تیسری فارم کے بعد by اور پھر Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لائیں جیسے۔

Eggs are being boiled.	انڈوں کو ابالا جا رہا ہے۔
Meat is being roasted.	گوشت بھونا جا رہا ہے۔
The fields are being ploughed.	کھیتوں میں ہل چلائے جا رہے ہیں۔
I am being beaten by Father.	مجھے ابو سے مار پڑ رہی ہے۔

Exercise No.23

1- کپڑا ہاتھ کھڈی پر بنایا جا رہا ہے۔ 2- گرم کپڑوں کو رفو کیا جا رہا ہے۔ 3- اس بازار میں چیزیں مہنگی بک رہی ہیں۔ 4- وہاں غیر ملکی اشیاء دھڑا دھڑ بک رہی ہیں۔ 5- اس شہر میں دو نئے بنک کھولے جا رہے ہیں۔ 6- اجنبی آدمی کو دھوکا دیا جا رہا ہے۔ 7- طالب علموں کو ایک مفید فلم دکھائی جا رہی ہے۔ 8- کھیتوں کو ہموار کیا جا رہا ہے۔ 9- پلوں کی مرمت کی جا رہی ہے۔ 10- بسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ 11- پاکستان میں نئے نقشے تیار کئے جا رہے ہیں۔ 12- رضیہ کو اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک بھیجا جا رہا ہے۔ 13- نئی جماعتوں کے لئے نئے کتابیں خریدی جا رہی ہیں۔ 14- یہاں ہر طرح کے

کپڑے رنگے جا رہے ہیں۔ 15-انگریزی میں خبریں نشر کی جا رہی ہیں۔ 16-مجھے میرا وعدہ یاد دلایا جا رہا ہے۔

1. Cloth is being woven at hand loom. 2. Warm clothes are being darned. 3. Things are being sold at high prices in this bazaar. 4. Imported goods are being sold like hot cakes there. 5. Two new banks are being opened in this city. 6. The stranger is being cheated. 7. The students are being shown a useful film. 8. The fields are being levelled. 9. Bridges are being repaired. 10. The number of buses is being increased. 11. New maps of Pakistan are being drawn. 12.Razia is being sent abroad for higher education. 13.New books are being bought for new classes. 14. Every kind of cloth is being dyed here. 15. News in English is being broad-cast. 16. I am being reminded of my promise.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے is, am, are کے بعد not لگائیں جیسے۔

Your shoes are not being repaired.	تمہارے جوتوں کی مرمت نہیں ہو رہی ہے۔
The fields are not being watered.	کھیتوں کو پانی نہیں دیا جا رہا ہے۔
Crops are not being harvested.	فصلیں کاٹی نہیں جا رہی ہیں۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے is, am, are کو شروع میں لکھ دیں جیسے۔

Are the rotten eggs being thrown?	کیا گندے انڈوں کو پھینکا جا رہا ہے؟
Are the roads being sprinkled?	کیا سڑکوں پر چھڑکاؤ کیا جا رہا ہے؟
Is the school being whitewashed?	کیا سکول کو سفیدی کی جا رہی ہے؟

Exercise No.24

1- کیا اس دوکان پر ہر چیز مہنگی بیچی جا رہی ہے۔ 2- کیا سائرن بجایا جا رہا ہے۔ 3- مجھے اعتماد میں نہیں لیا جا رہا ہے۔ 4- بچوں کی تصویریں نہیں اتاری جا رہی ہیں۔ 5- چوزے ڈبے سے کیوں نکالے جا رہے ہیں؟ 6- کیا افسر کو رشوت دی جا رہی ہے؟ 7- زخمی کی مرہم پٹی نہیں کی جا رہی ہے۔ 8- ڈاکٹر مریض کا معائنہ کیوں نہیں کر رہے ہیں؟ 9- آپریشن کس کا کیا جا رہا ہے؟ 10- چینی میں کیا ملایا جا رہا ہے؟ 11- کیا کپاس کی فصل پر دوائی چھڑکی جا رہی ہے؟ 12- مجھے کام کرنے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے؟ 13- اسے کالج میں کب داخلہ مل رہا ہے؟ 14- بشیر کو سکول سے نہیں نکالا جا رہا ہے؟ 15- کیا کالج ہال میں تقریری مقابلہ ہو رہا ہے؟ 16- ڈرامہ کہاں کھیلا جا رہا ہے؟ 17- کیا کمپیوٹر کی تربیت یہاں دی جا رہی ہے؟ 18- آم کس بھاؤ بیچے جا رہے ہیں؟ 19- چاول تھوک کے بھاؤ نہیں خریدے جا رہے ہیں۔ 20 کیا سکول موسم گرما کی چھٹیوں کے لئے بند کئے جا رہے ہیں؟ 21- کیا ردی کی ٹوکری خالی کی جا رہی ہے؟ 22- کس کارخانے میں سلائی مشین بنائی جا رہی ہے؟ 23- عدالت میں جھوٹ نہیں بولا جا رہا ہے؟ 24- مجھ سے نفرت نہیں کی جا رہی ہے۔ 25- تمام تالے کیوں کھولے جا رہے ہیں؟ 26- معاشرے کے قانون کی خلاف ورزی کیوں کی جا رہی ہے؟ 27- کیا بزرگوں کا احترام کیا جا رہا ہے؟ 28- کیا غریب طلبا کو رعایت نہیں کی جا رہی ہے؟ 29- مجھے دوائی کیوں نہیں پلائی جا رہی ہے؟

1. Is everything being sold dear at this shop? 2. Is the siren being sounded? 3. I am not being taken into confidence. 4. The children are not being photographed. 5. Why are the chickens being taken out of the box? 6. Is the officer being bribed? 7. The wounded is not being dressed. 8. Why is the patient not being examined by the doctors? 9. Who is being operated? 10. What is being adulterated in sugar? 11. Is medicine being sprayed on cotton crops? 12. I am not being allowed to work. 13. When is he being admitted in college? 14. Bashir is not being expelled from school. 15. Is the speech contest being held in college hall? 16. Where is drama being staged? 17. Is the computer training being given here? 18. On what rate are mangoes being sold? 19. Rice is not being bought at wholesale rate. 20. Are the schools being closed for summer vacation? 21. Is the waste paper basket being emptied? 22. In which factory is sewing machine being manufactured? 23. Lie is not being told in the court. 24. I am not being hated. 25. Why are

all the locks being unlocked? 26. Why is social law being disobeyed? 27. Are the elderly people being respected? 28. Are the poor students not being granted concession? 29. Why am I not being given medicine?

PRESENT PERFECT TENSE

(Affirmative)

Active Voice کے مفعول کو فاعل حالت میں شروع میں لائیں۔ اس کے مطابق has been یا have been کے بعد فعل کی تیسری فارم پھر by کے بعد Active Voice کے فاعل کی مفعولی حالت۔ جیسے:

Invitation cards have been sent to all the friends.	تمام دوستوں کو دعوت نامے بھیجے جا چکے ہیں۔
Mad dogs have been killed.	پاگل کتوں کو مار دیا گیا ہے۔
Houses have been burnt to ashes.	مکانات جل کر راکھ ہو چکے ہیں۔

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے has یا have کے بعد not لگائیں۔

House has not been occupied.	مکان پر قبضہ نہیں کیا جا چکا ہے۔
The patient has not been sent to hospital.	مریض کو ہسپتال نہیں بھیجا گیا ہے۔
I have not been invited.	مجھے دعوت نہیں دی گئی ہے۔

INTERROGATIVE

سوال بنانے کے لئے has یا have کو شروع میں لکھیں جیسے:

Has the match been played?	کیا میچ کھیلا جا چکا ہے؟
Has the roll been called?	کیا حاضری لگائی جا چکی ہے؟

Has your message been conveyed?

کیا تمہارا پیغام پہنچایا جا چکا ہے؟

Exercise No.25

1-لیمپ روشن نہیں کیے جا چکے ہیں۔ 2- کیا چھٹی کا اعلان نہیں کیا جا چکا ہے؟ 3-وہ حراست میں نہیں لیا جا چکا ہے۔ 4-اسے ملازمت سے برطرف نہیں کیا جا چکا ہے۔ 5- کیا اس کے کپڑے پھاڑ دیے گئے ہیں؟ 6- کیا سب طلبہ کو اے گریڈ دیا جا چکا ہے؟ 7-مکان میں سفیدی کب کی جا چکی ہے؟ 8-مجھے حمید کا اتہ پتہ نہیں بتایا گیا ہے۔ 9- کیا مشین کو تیل دیا جا چکا ہے؟ 10-غریبوں کو کہاں کھانا کھلایا گیا ہے؟ 11-خراب سیب نہیں کھائے جا چکے ہیں۔ 12- گھر میں نقب نہیں لگائی جا چکی ہے۔ 13- کیا امیروں سے ٹیکس وصول کیا جا چکا ہے؟ 14-پھٹے ہوئے نوٹوں کو جوڑا نہیں جا چکا ہے۔ 15-بچے کو سلایا نہیں جا چکا ہے۔ 16- کیا ان کا عطیہ موصول ہو چکا ہے؟ 17-امیدواروں کو رول نمبر کیوں جاری نہیں کیے جا چکے ہیں۔ 18- کیا تمام ووٹروں کے نام رجسٹر میں درج کیے جا چکے ہیں؟ 19-اس امیدوار کو ایک ووٹ بھی نہیں دیا گیا ہے۔ 20-اس فیصلے پر اتفاق نہیں ہو چکا ہے۔ 21- کیا اجنبی کی رہنمائی کی جا چکی ہے؟ 22- کیا تمام گواہوں کو بلایا جا چکا ہے؟ 23-جلسہ ملتوی کیوں کیا جا چکا ہے؟ 24- کیا ڈوبی ہوئی کشتی دریا سے نکال جا چکی ہے؟ 25- کبوتروں کے پر نہیں کاٹے جا چکے ہیں۔ 26- کیا شیر پنجرے میں بند کیا جا چکا ہے؟ 27- کتے کو کنویں سے نہیں نکالا جا چکا ہے۔ 28- کیا سب لڑکوں کا جرمانہ معاف کیا جا چکا ہے؟ 29-آپ کے خط کا جواب نہیں دیا جا چکا ہے۔ 30-بنک سے روپیہ کیسے نکلوایا جا چکا ہے؟

1. The lamps have not been lighted. 2. Has holiday not been announced? 3. He has not been taken into custody. 4. He has not been dismissed from service. 5. Have his clothes been torn out? 6. Have all the students been awarded grade "A"? 7- When has the house been white-washed? 8. I have not been told Hamid's where about. 9. Has the machine been oiled? 10. Where have the poor been fed? 11. Rotten apples have not been eaten. 12. The house has not been broken into. 13. Has the tax been charged from the rich? 14. Torn notes have not been mended. 15. The child has not been put to bed. 16. Has their donation been received? 17. Why have the candidates not been issued Roll Nos. 18.Have all the voters names been registered? 19. This candidate has not been cast a single vote. 20. This decision has not been agreed upon. 21. Has the stranger been led? 22. Have all the witnesses been summoned?

23.Why have the meeting been postponed? 24. Has the sunken boat been pulled out of the river? 25. The feathers of pigeons have not been clipped. 26. Has the lion been caged? 27. The dog has not been pulled out of the well. 28.Has the fine of all the boys been remitted? 29. Your letter has not been replied. 30. How has the money been with drawn from the bank?

PAST INDEFINITE TENSE

اردو میں شناخت: اس Tense کی شناخت دو طرح سے ہوتی ہے۔ "نے" کے ساتھ اور "نے" کے بغیر۔ "نے" کے بغیر، جملوں کے آخر میں "تا تھا" "تی تھی" "تے تھے" "تی تھیں" وغیرہ آتا ہے۔ جیسے ہم کھانا کھاتے تھے۔ وہ روزانہ شام کو ہاکی کھیلتے تھے۔ قائداعظم وکالت کرتے تھے۔ بابر تیر کر دریا عبور کرتا تھا۔ لفظ "نے" لگا کر آخر میں "ا" "ی" "ے" وغیرہ آتے ہیں۔ مثلاً مداری نے اپنے کرتب دکھائے۔ ڈاکٹر نے مریض کو دوائی دی۔ انہوں نے آم خریدے۔ میں نے اپنا سامان باندھا وغیرہ۔

انگریزی بنانے کے لئے سب سے پہلے فاعل پھر فعل کی دوسری فارم اور اس کے بعد مفعول کا ترجمہ بیان کریں۔ جیسے مندرجہ بالا تمام جملوں کا ترجمہ یوں ہوگا۔

We ate food. They played hockey daily in the evening. Quaid-i-Azam practised law. Babur swam across the river. The juggler showed his feats. Doctor gave the patient medicine. They bought mangoes. I packed my luggage.

Exercise No.26

1-لوگوں نے باغ میں جلسہ کیا۔ 2-مزدوروں نے جلوس نکالا۔ 3-طلباء نے نعرے لگائے۔ 4-کلرکوں نے ہڑتال کی۔ 5-ہم نے آپ کا انتظار کیا۔ 6-انہوں نے ہمارے مشورے پر عمل کیا۔ 7-مجھے آپ کا خط مل گیا۔ 8-استاد نے طالب علم کو سزا دی۔ 9-ہیڈ ماسٹر نے شرارتی لڑکے کو جرمانہ کیا۔ 10-مزدوروں نے ہڑتال کھول دی۔ 11-نیک عورت نے یتیم بچے کی پرورش کی۔ 12-آپ نے میرے بھائی کی دیکھ بھال کی۔ 13-ڈاکٹر نے مریض کا آپریشن کیا۔ 14-مسافروں نے جنگل میں آگ بجھائی۔

1- The people held meeting in the garden. 2. The labourers took out procession. 3. The students raised slogans. 4. The clerks went on strike. 5. We waited for you. 6. They acted upon our advice. 7.

I received your letter. 8. The teacher punished the student. 9. The headmaster fined the naughty boy. 10. The labourers called the strike off. 11. The noble woman brought the orphan up. 12. You looked after my brother. 13. The doctor operated upon the patient. 14. The travellers set the forest on fire.

NEGATIVE

اس Tense کا منفی بنانے کے لئے فاعل کے بعد did not لگا کر فعل کی پہلی فارم استعمال کریں۔ جیسے:

Luckily the bomb did not explode.	خوش قسمتی سے بم نہ پھٹا۔
He did not act upon my advice.	اس نے میری نصیحت پر عمل نہ کیا۔
They did not help the beggar.	انہوں نے فقیر کی مدد نہ کی۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے did کو شروع میں لکھیں۔ فعل کی پہلی فارم استعمال کریں۔ جیسے:

Did I study for an hour?	کیا میں نے ایک گھنٹہ پڑھا؟
Did they take exercise everyday?	کیا وہ روزانہ ورزش کرتے تھے؟
Did he spend what he earned?	کیا وہ جو کچھ کماتا تھا خرچ کر دیتا تھا؟

Exercise No.27

1- اس نے تمہاری تلخ باتوں کا برا نہ مانا۔ 2- انہوں نے اپنے دوست کا ساتھ نہ دیا۔ 3- کیا تمہارے بھائی نے تمہارا ہاتھ بٹایا؟ 4- آپ نے پاگل کتا کہاں دیکھا؟ 5- مجید نے اپنے چھوٹے بھائی کی پرورش نہ کی۔ 6- مزدور نے اتنا بوجھ کیسے اٹھایا؟ 7- ڈاکٹر نے ٹیکہ کس کو لگایا؟ 8- وہ کراچی کب پہنچے؟ 9- کیا تم گھر خیریت سے پہنچے؟ 10- ہم نے تمام تاریخی مقامات کی سیر نہ کی؟ 11- ہوائی جہاز نے پونے آٹھ بجے پرواز شروع کی۔ 12- میرا خط کس نے پڑھا؟ 13- میرے بھائی نے مجھے ریلوے سٹیشن پر خدا حافظ نہ کہا۔ 14- موچی نے میرا جوتا مرمت کیوں نہ کیا؟ 15- دروازہ کس نے کھٹکھٹایا؟

1. He did not mind your bitter words. 2. They did not stand by their friend. 3. Did your brother lend you a hand? 4. Where did

you see the mad dog? 5. Majid did not bring his younger brother up. 6. How did the labourer carry so much load? 7. Whom did the doctor inject? 8. When did they reach Karachi? 9. Did you reach your home safe and sound? 10. We did not visit all the historical buildings. 11. The aeroplane started flying at quarter to eight. 12. Who read my letter? 13. My brother did not say me good-bye at railway station. 14. Why did the cobbler not repair my shoe? 15. Who knocked at the door?

Exercise No.28

1- انہوں نے ہماری دعوت قبول نہ کی۔ 2- کیا تمہارے دوستوں نے تمہاری کامیابی پر مبارک باد دی؟ 3- کمرے میں جھاڑو کس نے دیا؟ 4- انہوں نے تمہارا استقبال کیسے کیا؟ 5- کیا تمہارے دوستوں نے یہ کھیل پسند کیا؟ 6- اس نے اپنی تمام جائیداد فروخت نہ کی۔ 7- باورچی نے چاول کس طرح پکائے؟ 8- میں نے اپنے والد کو ہوائی ڈاک سے خط نہ بھیجا۔ 9- کیا آفیسر نے اپنے چپڑاسی کو تبدیل نہ کیا؟ 10- مجید نے دونوں ہاتھوں سے دولت کیوں اڑائی؟ 11- کیا مجسٹریٹ نے اسے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا؟ 12- ہوائی جہاز اڈے پر کب اترا؟ 13- کیا تم نے پرواز سے لطف اٹھایا؟ 14- مال گاڑی مسافر گاڑی سے کہاں ٹکرائی؟ 15- تم نے مجھے فیصلے سے آگاہ نہ کیا؟

1. They did not accept our invitation. 2. Did your friends congratulate you on your success? 3. Who swept the room? 4. How did they welcome you? 5. Did your friends like this play? 6. He did not sell whole of his property. 7. How did the cook prepare rice? 8. I did not send a letter to my father by air mail. 9. Did the officer not transfer his peon. 10.Why did Majid burn the candle at both ends? 11. Did the magistrate catch him red handed? 12. When did the aeroplane land on the airport? 13. Did you enjoy flight? 14.Where did the goods train collide with passenger train? 15. You did not inform me of the decision.

PAST CONTINUOUS TENSE

اردو میں شناخت: جملے کے آخر میں "رہا تھا" "رہی تھی" "رہے تھے" "رہی تھیں" کے الفاظ آتے ہیں۔

ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر مریض کی نبض دیکھ رہا تھا۔ لڑکیاں چاول کھا رہی تھیں۔ تم کشتی چلا رہے تھے۔ میں سبق یاد کر رہا تھا۔

انگریزی بنانے کے لئے:

1- سب سے پہلے فاعل کا ترجمہ کریں پھر was یا were لگائیں۔

2- اگر فاعل I, he, she, it یا واحد ہو تو was اور we, you, they یا جمع ہو تو were لگائیں۔

جیسے اوپر والے جملوں کا ترجمہ یوں ہوگا۔

The doctor was feeling the pulse of the patient. The girls were eating rice. You were rowing boat. I was learning lesson.

منفی بنانے کے لئے: اس Tense کے جملوں کو منفی بنانے کے لئے was یا were کے بعد not لگائیں۔ جیسے:

میں کسی کا مذاق نہیں اڑا رہا تھا۔	I was not laughing at anyone.
بوڑھا آدمی سردی سے کانپ نہیں رہا تھا۔	The old man was not shivering with cold.
ملزم سچ نہیں بول رہے تھے۔	The accused were not speaking the truth.

Exercise No.29

1- میں کتاب سے نقل نہیں کر رہا تھا۔ 2- اسلم کرکٹ نہیں کھیل رہا تھا۔ 3- لڑکے گیت نہیں گا رہے تھے۔ 4- نوکر فرنیچر کو نہیں جھاڑ رہا تھا۔ 5- میں آپ سے مذاق نہیں کر رہا تھا۔ 6- پانی کی سطح بلند نہیں ہو رہی تھی۔ 7- کسان مارچ میں فصل نہیں کاٹ رہے تھے۔ 8- طالب علم کشتی نہیں چلا رہے تھے۔ 9- بہشتی پانی نہیں چھڑک رہا تھا۔ 10- ڈرائیور کار تیز نہیں چلا رہا تھا۔ 11- دشمن دریا کو عبور نہیں کر رہا تھا۔ 12- میں ملازمت کے لئے اس کی سفارش نہیں کر رہا تھا۔ 13- وہ اپنے بھائی کو مار نہیں رہا تھا۔ 14- نوکر بہانے نہیں بنا رہا تھا۔ 15- کئی طالب علم مباحثے میں حصہ نہیں لے رہے تھے۔

1- I was not copying from book. 2. Aslam was not playing cricket. 3. The boys were not singing songs. 4. The servant was not dusting furniture. 5. I was not joking with you. 6.The surface of water was not rising.7. The farmers were not harvesting crop in March. 8. The students were not rowing boat. 9. The water-carrier was not sprinkling water. 10. Driver was not driving car fast. 11.

The enemy was not crossing river. 12. I was not recommending him for job. 13.He was not beating his brother. 14. The servant was not making false excuses. 15. Several boys were not taking part in debate.

INTERROGATIVE

اس Tense کے جملوں کو سوالیہ بنانے کے لئے was یا were شروع میں لگائیں جیسے:

Was the beggar limping? کیا فقیر لنگڑا رہا تھا؟

Why was he abusing you? وہ تمہیں گالیاں کیوں دے رہا تھا؟

Was the persian wheel working. کیا رہٹ چل رہا تھا؟

Why were the boys trembling with fear? لڑکے خوف کے مارے کیوں کانپ رہے تھے؟

Exercise No.30

1- کیا تم بالوں کو کنگھی کر رہے تھے؟ 2- وہ کس کی جرابیں رفو کر رہے تھے؟ 3- کیا وہ آگ جلا رہے تھے؟ 4- لڑکے آپس میں کیوں جھگڑ رہے تھے؟ 5- وہ کس بنک میں روپیہ جمع کرا رہے تھے؟ 6- شیر صبح کہاں گرج رہا تھا؟ 7- کیا وہ استاد کو توجہ سے سن رہے تھے؟ 8- کتنے آدمی باغ میں جمع ہو رہے تھے؟ 9- بس پر پتھر کون پھینک رہا تھا؟ 10- ڈاکٹر مریض کا معائنہ کہاں کر رہا تھا؟ 11- آپ کے مکان کی مرمت کون کر رہا تھا؟ 12- پولیس جلوس کو کیوں منتشر کر رہی تھی؟ 13- لوگ کس کا انتظار کر رہے تھے؟ 14- کیا لوگ جلدی جلدی سٹیشن پر پہنچ رہے تھے؟ 15- مزدور کام مکمل کب کر رہے تھے؟

1- Were you combing your hair? 2- Whose socks were they darning? 3. Were they lighting fire? 4. Why were the boys quarreling among themselves? 5. In which bank were they depositing money? 6. Where was the lion roaring in the morning? 7. Were they listening to their teacher attentively? 8. How many men were assembling in the garden? 9. Who was throwing stones at the bus? 10. Where was the doctor examining the patient? 11. Who was repairing your house? 12. Why was the police dispersing the procession? 13.Whom were the people waiting for? 14. Were

the people rushing to the station? 15. When were the labourers completing work?

PAST PERFECT TENSE

(Affirmative)

اردو میں شناخت :اس Tense کے لئے اردو میں دو طرح کی علامات ہیں۔

"نے" کے بغیر	"نے" کے ساتھ
میں پہلے ہی خط لکھ چکا تھا۔	میں نے پہلے ہی خط لکھ لیا تھا۔
تب تک آپ نہا چکے تھے۔	تب تک آپ نے نہا لیا تھا۔
علی پہلے ہی نظم یاد کر چکا تھا۔	علی نے پہلے ہی نظم یاد کر لی تھی۔

اکثر اس Tense کے جملوں کے اندر دو قسم کے کام اکٹھے ہوتے ہیں۔ ایک وہ کام جو ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ دوسرا وہ کام جو شروع ہوا ہو۔

انگریزی بنانے کے لئے سب سے پہلے فاعل پھر had کے بعد فعل کی تیسری فارم استعمال کریں۔ اس کے بعد مفعول کا ترجمہ کریں۔ جیسے مندرجہ بالا جملوں کا ترجمہ یوں ہوگا۔

I had already written letter. — میں پہلے ہی خط لکھ چکا تھا۔

You had taken bath till then. — تم تب تک غسل کر چکے تھے۔

Ali had already learnt poem. — علی پہلے ہی نظم یاد کر چکا تھا۔

2۔ اگر جملے میں دو کام ہوں تو جو کام ختم ہو چکا (Principal Clause) اس حصے کا ترجمہ اوپر دیئے گئے طریقے سے کریں اور دوسرے حصے (Subordinate Clause) کا Past Indefinite میں ترجمہ کریں۔ مثلاً

The guests had gone before the sun rose. — سورج چڑھنے سے پہلے مہمان جا چکے تھے۔

The sun had set when I reached home. — جب میں گھر پہنچا تو سورج غروب ہو چکا تھا۔

He had locked the house before this. — اس سے پہلے اس نے مکان کو تالا لگا دیا تھا۔

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے had کے بعد not لگائیں۔

The patient had not taken medicine before the doctor came. — ڈاکٹر کے آنے سے پہلے مریض نے دوائی نہیں لی تھی۔

Many farmers had not harvested their crops when the rainy season set in. — جب موسم برسات شروع ہوا تو کئی کسانوں نے اپنی فصلیں نہیں کاٹی تھیں۔

The shopkeepers had not closed their shops when I came. — جب میں آیا تو دکانداراپنی دکانیں بند نہیں کر چکے تھے۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے had شروع میں لکھیں where, when, why وغیرہ کو had سے بھی پہلے لائیں۔

Had the patient breathed his last before we reached there? — کیا ہمارے وہاں پہنچنے سے پہلے مریض دم توڑ چکا تھا؟

Had it stopped raining before you reached school? — کیا تمہارے سکول پہنچنے سے پہلے بارش تھم چکی تھی؟

Where had you gone with boat when flood came? — جب سیلاب آیا تو تم کشتی لے کر کہاں چلے گئے تھے؟

یاد رکھئے اس Tense میں عام طور پر already till, before کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

Exercise No.31

1- کیا تمہارا بھائی یہ امتحان پہلے ہی پاس کر چکا تھا؟ 2- میں نے اتنا خوبصورت جانور پہلے نہیں دیکھا تھا؟ 3- کیا مدد ملنے سے پہلے زخمی مر چکا تھا؟ 4- تمہارے پہنچنے سے پہلے وہ سکول نہیں گیا تھا۔ 5- سورج پانچ بجے سے پہلے غروب نہیں ہوا تھا۔ 6- پولیس کے آنے سے پہلے لوگوں نے چور کو کیوں نہیں پکڑا تھا؟ 7- جب میں سٹیڈیم پہنچا تو میچ ختم ہو چکا تھا۔ 8- کیا گاڑی چھ بجے سے پہلے روانہ ہو چکی

تھی؟ 9-ان بچوں نے کبھی شیر نہیں دیکھا۔ 10- کیا اس کی پیدائش سے پہلے اس کا باپ مر چکا تھا؟ 11-حمید نے اب تک قرضہ کیوں واپس نہیں کیا تھا؟ 12- کیا تم نے میرے آنے سے پہلے ناول ختم کر لیا تھا؟ 13- کیا طلباء وقت سے پہلے ہی پرچہ حل کر چکے تھے؟ 14-مہمان وہاں شام ہونے سے پہلے نہیں پہنچے تھے۔ 15-میرے سکول میں داخل ہونے سے پہلے چپڑاسی نے گھنٹی نہیں بجائی تھی۔

1.Had your brother already passed this examination? 2. I had not seen such a beautiful animal before. 3. Had the wounded died before he received help? 4. He had not gone to school before you reached. 5. The sun had not set before 5 O' clock. 6. Why had the people not caught the thief before police came? 7. The match had ended when I reached the stadium. 8. Had the train left before 6 O' clock? 9. These children had never seen a lion. 10. Had his father died before he was born? 11. Why had Hamid not returned loan till now? 12. Had you finished novel before I came? 13. Had the students solved the paper before time? 14.The guests had not reached there before evening. 15. The peon had not rung the bell before I entered the school.

Exercise No.32

1-وہ اس سے پہلے گاڑی میں سوار نہیں ہوا تھا۔ 2-سیلاب آنے کے بعد لوگ گاؤں چھوڑ کر کہاں چلے گئے؟ 3- کیا پولیس کے پہنچنے سے پہلے چور نقب لگا چکا تھا؟ 4-زلزلہ سے پہلے آندھی نے چھتیں نہیں اڑائیں تھیں۔ 5-میری تقریر سے پہلے کس نے تقریر کی تھی؟ 6- کیا تم تاریخ اسلام پہلے ہی پڑھ چکے تھے؟ 7-ہم نے ایسا خوفناک سانپ پہلے نہیں دیکھا۔ 8-تم نے ایسا حیرت انگیز نظارہ پہلے نہیں دیکھا تھا۔ 9-میں نے ایسی دلچسپ کہانی نہیں سنی تھی۔ 10-انہوں نے ایسا دلکش نظارہ کبھی نہیں دیکھا تھا۔ 11- کیا موٹر کار خریدنے سے پہلے وہ کافی روپیہ بچا چکا تھا؟ 12-سورج نکلنے سے پہلے شکاری جال نہیں بچھا چکا تھا۔ 13- کیا ریچھ کے پہنچنے سے پہلے وہ درخت پر چڑھ چکا تھا؟ 14-انسپکٹر کے آنے سے پہلے کوئی سکول سے باہر نہیں گیا تھا۔ 15- کیا مہمانوں کے آنے سے پہلے تم گھر سجا چکے تھے؟ 16-جب میں گھر سے نکلا تو سورج غروب نہیں ہوا تھا۔

1- He had not boarded the train before this. 2. Where had the people left the village for after flood came? 3. Had the thief broken into before police reached? 4. The wind storm had not flown the roofs away before earthquake. 5. Who had made speech before my address? 6. Had you already studied history of Islam? 7. We had

not seen such a dangerous snake before. 8. You had not witnessed such a wonderful scene before. 9. I had not heard such an interesting story. 10. They had never seen such an attractive sight. 11. Had he saved much money before he bought car? 12. The hunter had not spread net before the sun rose. 13. Had he climbed up the tree before the bear reached? 14. None had gone out of school before inspector arrived. 15. Had you decorated the house before the guests arrived? 16. The sun had not set when I came out of the house.

PAST PERECT CONTINUOUS TENSE

(Affirmative)

اردو میں شناخت Past continuous کے جملوں میں وقت داخل کرنے سے یہ Tense حاصل ہوتا ہے۔

تم نظم زبانی یاد کر رہے تھے۔	Past Continuous Tense.
تم دو روز سے نظم زبانی یاد کر رہے تھے۔	Past Perfect Continuous

انگریزی ترجمہ کے لئے اس میں سب سے پہلے فاعل اس کے بعد had been اور فعل کی پہلی فارم کے ساتھ ing پھر مفعول کا ترجمہ۔ اس کے بعد since یا for لگائیں اور آخر میں دیا گیا وقت لگائیں جیسے:

وہ صبح سے تمہارا انتظار کر رہا تھا۔	He had been waiting for you since morning.
میں دو گھنٹے سے حساب کے سوال نکال رہا تھا۔	I had been doing sums for two hours.
ہم 1980ء سے اس کالج میں پڑھ رہے تھے۔	We had been studying in this college since 1980.

نوٹ: انگریزی میں سن لکھنا ہو تو اس کے نیچے لکیر نہ کھینچیں۔

Exercise No.33

1۔ لوگ دو گھنٹے سے آگ بجھا رہے تھے۔ 2۔ تم تین دنوں سے مضمون لکھ رہے تھے۔ 3۔ میں دوپہر سے آپ کا انتظار کر رہا تھا۔ 4۔ آپ مارچ سے چینی کا کاروبار کر رہے تھے۔ 5۔ حمید تین ماہ سے باغ

لگا رہا تھا۔ 6- کتے شام سے بھونک رہے تھے۔ 7- گیدڑ 25 منٹ سے چیخ رہے تھے۔ 8- مرغا صبح سے اذان دے رہا تھا۔ 9- موچی منگل سے جوتا تیار کر رہا تھا۔ 10- وہ دو دن سے خیرات دے رہا تھا۔ 11- گھڑی ساز 11 بجے سے میری گھڑی مرمت کر رہا تھا۔ 12- ایک گھنٹے سے بوندا باندی ہو رہی تھی۔ 13- طلباء 15 منٹ سے شور مچا رہے تھے۔ 14- لڑکیاں پانچ بجے گیت گا رہی تھیں۔ 15- بچے آدھے گھنٹے سے کاغذ کی کشتیاں بنا رہے تھے۔

1- People had been extinguishing fire for two hours. 2. You had been writing essay for three days. 3. I had been waiting for you since noon. 4. You had been dealing in sugar since March. 5. Hamid had been laying garden for three months. 6. The dogs had been barking since evening. 7. Jackals had been howling for twenty five minutes. 8. Cock had been crowing since morning. 9. Cobbler had been making shoe since Tuesday. 10. He had been giving alms for two days. 11. The watch- maker had been repairing my watch since 11 O 'clock. 12. It had been drizzling for an hour. 13. The student had been making a noise for fifteen minutes. 14. The girls had been singing songs since 5 O ' clock. 15. The children had been making paper-boats for half an hour.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے had کے بعد not لگا دیں۔ جیسے:

Pigeons had not been flying in the air for two days.	کبوتر دو دن سے ہوا میں نہیں اڑ رہے تھے۔
The child had not been sucking thumb since morning.	بچہ صبح سے انگوٹھا نہیں چوس رہا تھا۔
Masons had not been building this hospital for one year.	معمار ایک سال سے یہ ہسپتال تعمیر نہیں کر رہے تھے۔

Exercise No.34

1- تمہارا بھائی کئی دنوں سے گھر کا کام نہیں کر رہا تھا۔ 2- ڈاکیا اتوار سے اپنے حلقے کی چٹھیاں نہیں لا رہا تھا۔ 3- بچہ سات بجے سے دودھ نہیں پی رہا تھا۔ 4- ماہی گیر سوموار سے مچھلیاں نہیں پکڑ رہے تھے۔ 5- مزدور چھ اکتوبر سے کنواں نہیں کھود رہے تھے۔ 6- لڑکا دو گھنٹے سے کھلونا لینے کے لئے اصرار نہیں کر

رہا تھا۔ 7- بکریاں صبح سے کھیتوں میں نہیں چر رہی تھیں۔ 8- طالب علم پچھلے کئی دنوں سے سکول میں حاضر نہیں ہو رہا تھا۔ 9- صحرا میں دو سال سے بارش نہیں ہو رہی تھی۔ 10- نوکرانی صبح سے صفائی نہیں کر رہی تھی۔ 11- نجمہ پانچ دن سے کھانا نہیں کھا رہی تھی۔ 12- میں مئی سے اس دفتر میں کام نہیں کر رہا تھا۔ 13- کسان کل سے کھیتوں میں کام نہیں کر رہا تھا۔ 14- ہم ایک ہفتے سے اس درخواست پر غور نہیں کر رہے تھے۔ 15- ریل گاڑیاں پندرہ دن سے لیٹ نہیں آ رہی تھیں۔

1- Your brother had not been doing home work for many days. 2.The postman had not been bringing letters of his beat since Sunday. 3.The child had not been drinking milk since 7 O ' clock. 4.The fishermen had not been catching fish since **Monday**. 5.The labourers had not been digging well since 6th October. 6.The boy had not been insisting to get toy for two hours. 7.The goats had not been grazing in the fields since morning. 8.The student had not been attending school for the last several days. 9. It had not been raining in desert for two years.10.The maid-servant had not been doing cleaning up since morning. 11.Najma had not been having meal for five days. 12. I had not been working in this office since May.13.The farmer had not been working in his fields since yesterday. 14. We had not been considering this application for one week. 15.The trains had not been arriving late for fifteen days.

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے had شروع میں لکھیں when, why وغیرہ کو اس سے پہلے لائیں۔

Had you been wasting your time for two months? — کیا تم دو ماہ سے اپنا وقت ضائع کر رہے تھے؟

Why had he not been attending school for ten days? — وہ دس دن سے سکول حاضر کیوں نہیں ہو رہا تھا؟

Since when had the people been quarrelling with one another? — لوگ آپس میں کب سے جھگڑ رہے تھے؟

Exercise No.35

1- کیا چاند شام سے چمک رہا تھا؟ 2- کیا سیاندار تین گھنٹے سے دوڑیں بنا تا رہا تھا؟ 3- کیا جہانگیر 1980ء سے سکواش کے میچ جیت رہا تھا؟ 4- تمہارا بھائی کب سے میزبانی کرتا رہا تھا؟ 5- کیا تم دو دن سے برف باری سے لطف اندوز ہوتے رہے تھے؟ 6- کیا کتا تمہیں پانچ منٹ سے کاٹتا رہا تھا؟ 7-

کیا یہ ڈاکیا اس حلقے کی چٹھیاں 1983ء سے لا رہا تھا؟ 8۔ کیا اس کا بھائی پانچ ماہ سے اس دفتر میں ملازمت نہیں کر رہا تھا؟ 9۔ مزدور کتنے دنوں سے کنواں کھود رہے تھے؟ 10۔ ڈرائیور تین دن سے کار کیسے چلا تا رہا تھا؟ 11۔ چپڑاسی کتنی دیر تک گھنٹی بجاتا رہا تھا؟ 12۔ وہ کب سے پھل بیچ رہا تھا؟ 13۔ کیا وہ نو بجے سے سڑک کے کنارے کھڑا رہا تھا؟ 14۔ تمہارے گھر بدھ سے کون پتھر پھینکتا رہا تھا؟ 15۔ کیا تمہارا بھائی دو ہفتے سے تمہیں نصیحت نہیں کر رہا تھا؟

1.Had the sun been shining since evening? 2.Had Miandad been making runs for three hours? 3.Had Jahangir been winning Squash matches since 1980? 4. Since when had your brother been playing host? 5.Had you been enjoying snow-fall for two days? 6.Had the dog been biting you for five minutes? 7.Had this postman been bringing letters of this beat since 1983? 8. Had his brother not been doing job in this office for five months? 9. For how many days had the labourers been digging well? 10. How had the driver been driving car for three days? 11. For how much time had the peon been ringing bell. 12. Since when had he been selling fruit? 13. Had he been standing along the road side since 9 O' clock? 14. Who had been throwing stones at your house since Wednesday? 15. Had your brother not been advising you for two weeks?

PASSIVE VOICE

(Past Indefinite Tense)
(Affirmative)

اس Tense کا Passive Voice بنانے کے لئے Active Voice کے مفعول کو فاعلی حالت میں لا کر لکھیں اور اس کے مطابق was یا were لگائیں۔ پھر فعل کی تیسری فارم اور by لگا کر Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لکھیں۔ جیسے:

He ate an apple. (Active Voice)
An apple was eaten by him. (Passive Voice)
I saw you yesterday. (Active Voice)
You were seen by me yesterday. (Passive Voice)

Exercise No.36

1-شیر پنجرے میں ڈال دیا گیا۔ 2-دروازہ بہت دفعہ کھٹکھٹایا گیا۔ 3-چٹھی پر کم مالیت کا ٹکٹ لگایا گیا۔ 4-گرم دودھ پیا گیا۔ 5-لیڈر کو ہار پہنایا گیا۔ 6-کام وقت سے پہلے مکمل کر لیا گیا۔ 7-بسنت کے موقع پر پتنگیں اڑائی گئیں۔ 8-زخمی کو وقت پر مدد دی گئی۔ 9-بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ 10-اس کو کامیابی پر مبارک باد دی گئی۔ 11-افسر کا گرم جوشی سے استقبال کیا گیا۔ 12-اونٹوں پر بوجھ لادا گیا۔ 13-گھوڑے کو لگام دی گئی۔ 14-جائیداد سب بھائیوں میں تقسیم کر دی گئی۔ 15-تھانے پر بلہ بول دیا گیا۔

1. The lion was put into cage. 2. The door was knocked at many times. 3. The letter was under-stamped. 4. Hot milk was drunk. 5. The leader was garlanded. 6. The work was completed before time. 7. Kites were flown on the occasion of Basant. 8. The wounded was helped at time. 9. Sweet was distributed among the children. 10. He was congratulated on his success. 11. The officer was warmly greeted. 12. Camels were loaded. 13. The horse was bridled. 14. Property was divided among all the brothers. 15. The police station was attacked.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے was یا were کے بعد not لگائیں۔

Relations between them were not improved. — ان کے درمیان تعلقات بہتر نہ ہوئے۔

Machines were not repaired. — مشینوں کی مرمت نہ کی گئی۔

He was not invited to tea. — اسے چائے پر دعوت نہ دی گئی۔

The awareness of what is right and what is wrong was not developed in them. — ان میں کیا غلط تھا اور کیا درست کی بیداری پیدا نہ کی گئی۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے was یا were فقرے کے شروع میں لکھیں۔

Were the raw materials of Muslim countries taken away at low price? — کیا مسلم ممالک کا خام مال کم قیمت پر لے جایا جاتا تھا؟

Was he not sent to jail? . — کیا اسے جیل نہیں بھیج دیا گیا؟
Were the rooms white- washed. — کیا کمروں کو سفیدی کرائی گئی؟

Exercise No.37

1-آم کیسے چوری کیے گئے؟ 2- کتنے سنگترے توڑے گئے؟ 3- کس بنک کو لوٹا گیا؟ 4-بند کہاں باندھا گیا؟ 5- کتا رات کو نہ باندھا گیا۔ 6-ناشتہ وقت پر نہ کیا گیا۔ 7-دیوار نہ گرائی گئی۔ 8- کار میں کسی کو نہ لایا گیا۔ 9-بیچارے مریض کو ٹیکہ نہ لگایا۔ 10- کیا غریب آدمی سے نفرت کی گئی؟ 11- یہ راز کس کو نہ بتایا گیا؟ 12-جنگل سے کوئی درخت نہ کاٹا گیا۔ 13- قفل کس طرح توڑا گیا؟ 14- چائے اس وقت کیوں بنائی گئی؟ 15- مردے کو کہاں دفن کیا گیا؟ 16-مجھے اطلاع نہ دی گئی۔ 17- ملزم کو دو سال کی قید نہ دی گئی۔ 18-پٹاخے کہاں چلائے گئے؟ 19-رقم کیسے کھو گئی؟ 20-نیا سکول کہاں کھولا گیا؟ 21-اسے اس قدر کیوں پیٹا گیا؟ 22- قاتل کو پھانسی کیوں نہ دی گئی؟ 23-حاجی کی تلاشی نہ لی گئی۔ 24- اس لڑکے کو معاف نہ کیا گیا۔ 25-بشیر کو کالج میں داخل نہ کیا گیا۔

1. How were mangoes stolen? 2. How many oranges were picked? 3. Which bank was looted? 4. Where was the embankment laid? 5. Dog was not chained at night. 6. Breakfast was not served in time. 7. Wall was not dropped. 8. None was brought by car. 9. Poor patient was not injected. 10. Was the poor man hated? 11. To whom was this secret not told? 12. No tree was cut from forest. 13. How was the lock broken? 14. Why was tea prepared at this time? 15. Where was the dead body buried? 16. I was not informed. 17. The accused was not sentenced for two years. 18. Where were the crackers fired? 19. How was money lost? 20. Where was new school opened? 21. Why was he given so much beating? 22. Why was the murderer not hanged? 23. The pilgrim was not searched out. 24. This boy was not forgiven. 25. Bashir was not given admission in college.

PAST CONTINUOUS TENSE

(Affirmative)

اس میں Active Voice کے مفعول کو فاعل حالت میں لائیں اس کے بعد was being یا were being لگائیں۔ فعل کی تیسری فارم کے بعد Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لگائیں۔

Ali was writing a letter. (Active Voice)
A letter was being written by Ali. (Passive Voice)
I was greeting him. (Active Voice)
He was being greeted by me. (Passive Voice)

Exercise No.38

1- کنویں سے پانی نکالا جا رہا تھا۔ 2- تمام کمروں میں سفیدی کی جا رہی تھی۔ 3- سامان کی پڑتال کی جا رہی تھی۔ 4- غریب آدمی کو ستایا جا رہا تھا۔ 5- جوتے پالش کیے جا رہے تھے۔ 6- معاہدے پر دستخط کیے جا رہے تھے۔ 7- امیروں پر ٹیکس لگایا جا رہا تھا۔ 8- کھیتوں کو پانی دیا جا رہا تھا۔ 9- زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دی جا رہی تھی۔ 10- صدر کو خدا حافظ کہا جا رہا تھا۔ 11- جھنڈے کو قلعے پر لہرایا جا رہا تھا۔ 12- کئی بے گناہوں کو گرفتار کیا جا رہا تھا۔ 13- مجید کے حق میں ووٹ ڈالے جا رہے تھے۔ 14- نسیمہ سیکرٹری کے عہدے کے لئے چنی جا رہی تھی۔ 15- ووٹروں کی فہرست تیار کی جا رہی تھی۔ 16- جہاز کو سمندر میں اتارا جا رہا تھا۔ 17- ہر موٹر کار کو وہاں روکا جا رہا تھا۔ 18- گھوڑے پر زین کسی جا رہی تھی۔ 19- آدمیوں کو ڈوبنے سے بچایا جا رہا تھا۔ 20- بغیر ٹکٹ مسافروں کو جرمانہ کیا جا رہا تھا۔ 21- قلعے کی حفاظت کی جا رہی تھی۔ 22- اس جگہ تصویروں کی نمائش کی جا رہی تھی۔ 23- ہال کمرے میں جلسہ منعقد کیا جا رہا تھا۔ 24- غریب طالب علم سے اظہار ہمدردی کیا جا رہا تھا۔ 25- وہاں معذوروں کی دیکھ بھال اچھی طرح کی جا رہی تھی۔

1.Water was being drawn out of well. 2. All the rooms were being white-washed. 3.Luggage was being checked. 4. Poor man was being teased. 5.Shoes were being polished. 6. Agreement was being signed. 7.The rich were being taxed. 8. Fields were being watered. 9.The wounded were being given first aid. 10. The president was being said good-bye. 11. The flag was being waved on the fort. 12. Many innocents were being arrested. 13.Votes were being cast in favour of Majid. 14.Nasima was being selected for the post of Secretary. 15. Voters list was being prepared. 16. Ship was being launched in the sea. 17. Every car was being detained there. 18. Horse was being saddled. 19.Men were being saved from drowning. 20. Ticket-less passengers were being fined. 21. Fort was being guarded. 22. Pictures were being exhibited at that place. 23. Meeting was being held in hall. 24. Poor student was being sympathized 25. Disabled were being well looked after there.

NEGATIVE

اس Tense کو منفی بنانے کے لئے was یا were کے بعد not لگائیں۔

The city was not being made beautiful.	شہر کو خوبصورت نہیں بنایا جارہا تھا۔
The children were not being told story.	بچوں کو کہانی نہیں سنائی جارہی تھی۔
He was not being sent to Multan.	اسے ملتان نہیں بھیجا جارہا تھا۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے was یا were کو شروع میں لائیں when, why وغیرہ سب سے پہلے لائیں۔

Why were you being abused?	تمہیں گالیاں کیوں دی جارہی تھیں؟
When were the crops being harvested?	فصلیں کب کاٹی جارہی تھیں؟
How was the car being driven?	کار کیسے چلائی جارہی تھی؟

Exercise No.39

1- کیا باڑ کاٹی جارہی تھی؟ 2- کتنے پھول توڑے جارہے تھے؟ 3- کیا مشین کو تیل دیا جارہا تھا؟ 4- مسافروں کو کہاں اتارا جارہا تھا؟ 5- اس بے گناہ سے جرمانہ کیوں وصول کیا جارہا تھا؟ 6- بہت سے کھانے کیوں پکائے جارہے تھے؟ 7- کیا گندے انڈے پھینکے نہیں جارہے تھے؟ 8- آلو کہاں لگائے جارہے تھے؟ 9- اشتہارات کہاں لگائے جارہے تھے؟ 10- کتنے آدمی جج پر بھیجے جارہے تھے؟ 11- آپ کو کیا پیغام دیا جارہا تھا؟ 12- قانون ساز مجلس میں کتنے ممبر منتخب کئے جارہے ہیں؟ 13- گورنر پنجاب کس کو بنایا جارہا تھا؟ 14- کیا آوارہ کتوں کو زہر دیا جارہا تھا؟ 15- مینڈکوں پر پتھر کیوں پھینکے جارہے تھے؟ 16- کیا جنگلی جانوروں کو شکار کیا جارہا تھا؟ 17- کیا لوگوں کو محفوظ مقامات پر بھیجا جارہا تھا؟ 18- کیا مرغیوں کو دانہ دیا جارہا تھا؟ 19- گندم کا ذخیرہ کہاں کیا جارہا تھا؟ 20- کیا چینی کی چور بازاری کی جارہی تھی؟

1. Was the hedge being cut? 2. How many flowers were being plucked? 3. Was the machine being oiled? 4. Where were the

passengers being dropped? 5. Why was fine being received from this innocent? 6. Why were many dishes being cooked? 7. Were rotten eggs not being thrown? 8. Where were potatoes being sowed? 9. Where were posters being pasted? 10. How many people were being sent on Hajj? 11. What message were you being given? 12. How many members were being elected in Legislative Assembly? 13. Who was being made Governor of the Punjab? 14. Were stray dogs being poisoned? 15.Why were the stones being thrown at the frogs? 16.Were the wild beasts being hunted? 17. Were the people being sent to safe places? 18. Were the hens being fed? 19. Where was wheat being stored? 20. Was sugar being sold in black?

PAST PERFECT TENSE

(Affirmative)

اس Tense کا Passive Voice بنانے کے لئے Active Voice کے مفعول کو فاعلی حالت میں لائیں پھر had been کے بعد فعل کی تیسری فارم کے بعد by لگا کر Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لائیں۔ جیسے:

The Muslims had been kept backward till their freedom.	مسلمانوں کو آزادی تک پسماندہ رکھا گیا تھا۔
Pakistan had to face many problems after separation.	علیحدگی کے بعد پاکستان کو کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑا تھا۔
Amir Khusrau's heart had been broken on the death of Hazrat Nizamud-Din-Auliya.	حضرت نظام الدین اولیاء کی وفات سے امیر خسرو کا دل ٹوٹ چکا تھا۔

Exercise No.40

1-دفتر دو بجے سے پہلے بند کر دیا گیا تھا۔ 2-شام سے پہلے مرغیوں کو ڈربے میں بند کر دیا گیا تھا۔ 3-صبح تک دشمن بھگایا جا چکا تھا۔ 4- کئی ماہ پہلے شہر پر قبضہ کیا جا چکا تھا۔ 5-جلوس روانہ ہونے سے پہلے پولیس بلوائی جا چکی تھی۔ 6-ڈاک میں ڈالنے سے پہلے خط پر ٹکٹ لگایا جا چکا تھا۔ 7-ہم پہلے ہی سامان باندھ چکے تھے۔ 8-سورج غروب ہونے تک مویشی ہانک کر لائے جا چکے تھے۔ 9-آندھی آنے سے

پہلے بچوں کو میدان سے بلایا گیا تھا۔ 10- ناشتہ لگانے سے پہلے طشتریاں صاف کی جا چکی تھیں۔ 11- استری کرنے سے پہلے کپڑے سکھائے جا چکے تھے۔ 12- دیوار پر کیل گاڑنے سے پہلے نقشہ اتارا جا چکا تھا۔ 13- پرچہ حل کرنے سے پہلے وہ اپنا نام لکھ چکا تھا۔ 14- کھانا کھانے سے پہلے مہمان کو سرد مشروب پیش کیا جا چکا تھا۔ 15- سیلاب آنے سے پہلے بند باندھا جا چکا تھا۔

1. The office had been closed before 2 O ' clock. 2. The hens had been put in coop before evening. 3. The enemy had been driven away till morning. 4. The city had been captured several months before. 5. The police had been called before procession started. 6. Post card had been stamped before it was posted. 7. We had already packed our luggage. 8. The cattle had been driven till the sun set. 9. The children had been called in from the ground before the wind storm came. 10. The dishes had been cleaned before serving breakfast. 11. The clothes had been dried before ironing. 12. The map had been taken of before hitting the nail into the wall. 13. He had written his name before solving paper. 14. The guest had been offered cold drink before having meal. 15. The embankment had been laid before flood came.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے had کے بعد not لگائیں۔

My brother had not been dismissed from service.	میرے بھائی کو ملازمت سے برطرف نہیں کیا گیا تھا۔
The exercise books had not been checked when he reached school.	جب وہ سکول پہنچا تو کاپیاں دیکھی نہیں گئی تھیں۔
The fire had not been brought under control before you arrived.	تمہارے آنے سے پہلے آگ پر قابو نہیں پایا گیا تھا۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے had کو شروع میں لائیں when, why وغیرہ کو اس سے بھی پہلے لائیں۔

Had the border been crossed when the sun rose?	جب سورج نکلا تو کیا سرحد پار کی جا چکی تھی؟
Had the house been auctioned before you reached there?	کیا تمہارے پہنچنے سے پہلے مکان نیلام کر دیا گیا تھا؟
Had the match been played before it began raining?	کیا بارش ہونے سے پہلے میچ کھیلا جا چکا تھا؟

Exercise No.41

1- کیا ریفری کے آنے سے پہلے میچ کھیلا جا چکا تھا؟ 2- مہمان کے جانے کے بعد مٹھائی نہیں لائی گئی تھی۔ 3- ہماری ملاقات سے پہلے وزیر سے کسی کو ملنے کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ 4- اسے پہلے ہی جرمانہ نہیں کیا جا چکا تھا۔ 5- گرنے سے پہلے درخت کاٹے نہیں گئے تھے۔ 6- نیا جوتا پہننے سے پہلے اس کا پاؤں زخمی نہیں ہوا تھا۔ 7- کیا پولیس کے گرفتار کرنے کے بعد ملزم مجسٹریٹ کے سامنے لایا گیا تھا؟ 8- کیا میرے آنے سے پہلے کھیت ہموار کیا گیا تھا؟ 9- بارش آنے سے پہلے ز چلے توڑے جا چکے تھے۔ 10- کیا تمام چیزوں کو پہلے ہی جھاڑ دیا گیا تھا؟ 11- نتیجہ نکلنے کے بعد اس کو اگلی جماعت میں ترقی کیوں دی گئی تھی؟ 12- کیا جنگ ختم ہونے تک کئی افسروں کو اعزاز دیئے جا چکے تھے؟ 13- کیا 1930ء تک ٹی وی ایجاد ہو چکا تھا؟ 14- گھڑی کو 12 بجے سے پہلے چابی کیوں دی گئی تھی؟ 15- کیا وقت سے پہلے تمہیں تنبیہ نہیں کی گئی تھی؟ 16- کیا اس سے پہلے آپ کو دھوکا دیا گیا تھا؟ 17- کیا دسمبر سے پہلے بندروں کو جنگل سے بھگا دیا گیا تھا؟ 18- کیا منگل سے پہلے چاند نہیں دیکھا گیا تھا؟ 19- کیا آندھی آنے سے پہلے دکانیں بند کر دی گئی تھیں؟ 20- لوگوں کے احتجاج سے پہلے افسر کو کیوں ریٹائر کر دیا گیا تھا؟ 21- شام سے پہلے چراغ کیوں جلائے گئے تھے؟ 22- عید آنے سے پہلے ملازموں کو تنخواہ کیوں نہیں دی گئی تھی۔ 23- کیا فقیروں کے آنے سے پہلے خیرات تقسیم ہو چکی تھی؟ 24- اندھیرا ہونے سے پہلے چور کا تعاقب کیوں نہیں کیا گیا تھا؟ 25- کیا گاڑی گزرنے سے پہلے پل کو آزمایا جا چکا تھا؟ 26- پھول مرجھانے سے پہلے کہاں پھینک دیئے گئے تھے؟ 27- کیا آٹھ بجے سے پہلے کرایہ ادا کر دیا گیا تھا؟ 28- کیا اس سے پہلے چڑیا گھر میں اتنا بڑا شیر دیکھا گیا تھا؟ 29- کیا میرے گھر پہنچنے سے پہلے گوشت کو بھون لیا گیا تھا؟ 30- کیا مالک کے آنے سے پہلے مکان مرمت کر دیا گیا تھا؟

1.Had the match been played before referee came? 2.Sweet had not been brought after the guest went away. 3. Nobody had been allowed to see the minister before our visit. 4. He had not been already fined. 5. The trees had not been cut before they fell. 6.His

foot had not been injured before putting new shoes on. 7.Had the accused been brought before magistrate after police arrested him. 8. Had the field been levelled before I came? 9.The lumps had been broken before it rained. 10.Had all the things been already dusted? 11. Why had he been promoted to the next class after the result was declared? 12.Had many officers been awarded honours till the war ended? 13.Had T.V. been invented till 1930? 14.Why had the clock been winded before 12 O ' clock? 15. Had you not been warned before time? 16. Had you been cheated before this? 17.Had the monkeys been driven out of the forest before December? 18.Had the moon not been seen before Tuesday? 19. Had the shops been closed before windstorm blew? 20. Why had the officer been retired before the people protested? 21.Why had the lamps been lighted before evening? 22.Why had the servants not been paid before Eid? 23. Had the alms been given away before the beggars came? 24. Why had the thief not been chased before it got dark? 25. Had the bridge been tried before the train passed? 26. Where had the flowers been thrown before they withered? 27. Had the rent been paid before 8 O' clock? 28. Had such a big lion been seen in the zoo before this? 29. Had the meat been roasted before I reached home? 30. Had the house been repaired before the owner came?

FUTURE INDEFINITE TENSE

(Affirmative)

اردو میں شناخت: اردو جملوں کے آخر میں "وں گا" "و گے" "ئیں گی" "ے گا" "یں گے" وغیرہ آتا ہے۔ جیسے میرے چچا مجھے ایک تحفہ بھیجیں گے۔ تم اپنی کاپی پوری کرلوگے۔ غبارہ آسمان کی طرف اڑے گا۔ میں وقت پر پہنچ جاؤں گا۔

انگریزی بنانے کے لئے:

1- سب سے پہلے فاعل کا ترجمہ کریں۔ پھر اس کے ساتھ shall یا will لگائیں۔

2- اگر فاعل I یا we ہو تو shall لگائیں۔ باقی سب کے ساتھ will لگائیں۔ اس کے بعد فعل کی پہلی فارم اور پھر مفعول کا ترجمہ کریں۔ مثلاً مندرجہ بالا تمام جملوں کا ترجمہ یوں ہوگا:

1. My uncle will send me a gift. 2, You will make up your deficiency. 3 Smoke will rise to the sky. 4. I shall reach in time.

اگر پختہ ارادہ، دھمکی، مجبوری یا حکم ظاہر کرنا ہو تو we یا I کے ساتھ will لگائیں۔ باقی سب کے ساتھ shall لگائیں۔ جیسے:

We will wait for you.	ہم تمہارا انتظار ضرور کریں گے۔
I will inflict a decisive attack on him.	میں اس پر فیصلہ کن حملہ کر کے رہوں گا۔
You shall obey your parents.	تم اپنے والدین کا حکم ضرور مانو گے۔
He shall try to win scholarship.	وہ ضرور وظیفہ حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔

Exercise No.42

1-مسافر صبح سامان باندھ لیں گے۔ 2-وہ اپنے دشمن کو معاف کر دیں گے۔ 3-میں آج جلسے میں تقریر کروں گا۔ 4-ہوائی جہاز چار بجے اڈے پر اترے گا۔ 5-ہم کراچی جانے والی گاڑی پر سوار ہوں گے۔ 6-نانی اماں ہمیں دلچسپ کہانی سنائیں گی۔ 7-وہ آپ کی مدد کا شکریہ ادا کریں گے۔ 8-ہوائی جہاز دس بجے پرواز کر جائے گا۔ 9-میں ہر خطرے کا سامنا کروں گا۔ 10-وہ اگلے سال یہ کتاب شائع کریں گے۔ 11-بچے جھولوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ 12-حمید مکان کرائے پر لے گا۔ 13-تم بنک سے قرضہ لو گے۔ 14-وہ اچھے برے دنوں میں ہمارا ساتھ دیں گے۔ 15-آپ کا بیٹا میرے ساتھ سفر کرے گا۔

1. The passengers will pack goods in the morning. 2. They will forgive their enemy. 3. I shall make a speech in the meeting today. 4. The aeroplane will land on the airport at 4 O' clock. 5. We shall board the train bound for Karachi. 6. Maternal grandmother will tell us an interesting story. 7. They will thank you for your help. 8. The plane will take off at 10 O ' clock. 9. I shall face every danger. 10. They will publish this book next year. 11. The children will enjoy swings. 12. Hamid will hire a house. 13. You will take loan from bank. 14. They will stand by us through thick and thin. 15. Your son will travel with me.

Exercise No.43

1-ہم تمہارا انتظار کریں گے۔ 2-صرف چند لڑکے امتحان [illegible] 3-ہماری بہادر فوج دشمن کے قلعے پر قبضہ کرے گی۔ 4-یہ ٹیم میچ ہار جائے گی۔ 5-امیر غریبوں کی مدد کرے گا۔ 6-استاد اپنے

شاگردوں کی رہنمائی کریں گے۔ 7- تمہاری سہیلی تمہارے لئے پریشان ہوگی۔ 8- نوکر بازار سے تازہ انڈے خریدے گا۔ 9- میرا بھائی مجھے تحفہ دے گا۔ 10- لڑکیاں سویٹر بنیں گی۔ 11- اس کا باپ اس کے لئے نئی موٹر سائیکل خریدے گا۔ 12- چین ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دے گا۔ 13- ہم پاکستان سے محبت کریں گے۔ 14- وہ وطن کا وفادار ثابت ہوگا۔ 15- ہر پاکستانی پاکستان کے لئے جان قربان کرے گا۔

1. We shall wait for you. 2. Only a few boys will take examination. 3. Our brave army will capture the enemy fort. 4. This team will lose the match. 5. The rich will help the poor. 6. The teachers will guide their pupils. 7. Your friend will worry for you. 8. The servant will buy fresh eggs from bazaar. 9. My brother will give me a gift. 10. The girls will knit sweaters. 11. His father will buy a new motor cycle for him. 12. China will always stand by Pakistan. 13. We shall love Pakistan. 14. He will prove himself loyal to Pakistan. 15. Every Pakistani will lay down his life for Pakistan.

NEGATIVE

اس Tense کے جملوں کو منفی بنانے کے لئے shall یا will کے بعد not لگا دیں۔

It will not rain today.	آج بارش نہیں ہوگی۔
He will not backbite me.	وہ میری چغلی نہیں کرے گا۔
We shall not take risk.	ہم خطرہ مول نہیں لیں گے۔

Exercise No.44

1- پاکستان سیمنٹ درآمد نہیں کرے گا۔ 2- دشمن جنگ نہیں جیتے گا۔ 3- ہماری فوج شہروں کو تباہ نہیں کرے گی۔ 4- آج آندھی نہیں آئے گی۔ 5- کوئی سیاسی جماعت جلوس نہیں نکالے گی۔ 6- میں آپ کو مدد دینے سے انکار نہیں کروں گا۔ 7- وہ پھر کبھی ایسا نہیں کرے گا۔ 8- تیز گام آج دیر سے نہیں آئے گی۔ 9- وہ میرا حکم نہیں مانے گا۔ 10- ہیڈ ماسٹر شرارتی لڑکے کو سزا نہیں دے گا۔ 11- تم اپنے بیٹے کو نصیحت نہیں کرو گے۔ 12- میں کھیلنے نہیں جاؤں گا۔ 13- ہم گندا کھیل نہیں کھیلیں گے۔ 14- وہ میرے ساتھ اتفاق نہیں کرے گا۔ 15- آپ ہوائی جہاز سے سفر نہیں کریں گے۔

1. Pakistan will not import cement. 2. The enemy will not win

battle. 3. Our army will not destroy cities. 4. It will not blow a gale today. 5. No political party will take out procession. 6. I shall not refuse to give you help. 7. He will never repeat it. 8. The Tezgam will not come late today. 9. He will not obey me. 10. The headmaster will not punish the naughty boy. 11. You will not advise your son. 12. I shall not make lame excuses. 13. We shall not play foul game. 14. He will not agree with me. 15. You will not travel by air.

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے will یا shall کو شروع میں لکھیں۔ Interrogative Pronoun (when, why) وغیرہ کو سب سے پہلے لائیں۔ جیسے:

Will the gardener water the plants?	کیا مالی پودوں کو پانی دے گا؟
When will you pass the examination?	تم امتحان کب پاس کرو گے؟
Why shall I not preach Islam?	میں اسلام کی تبلیغ کیوں نہ کروں گا؟

Exercise No.45

1- کیا تم اپنے دوست کو پہچان لو گے؟ 2- وہ ہمیں اپنی بندوق دینے سے کیوں انکار کر دیں گے؟ 3- کیا لڑکے یہ واقعہ یاد رکھیں گے؟ 4- وزیر استعفیٰ نہیں دے گا۔ 5- پولیس چھاپہ کیوں مارے گی؟ 6- کیا یہ گونگا باتیں سنے گا؟ 7- دروازہ کون کھٹکھٹائے گا؟ 8- تم فٹبال کو ٹھوکر کیوں لگاؤ گے؟ 9- لڑکیاں سویٹر کب بنیں گی؟ 10- کیا وہ پولیس کو چوری کی اطلاع دیں گے؟ 11- شکاری ہرن کا شکار کہاں کھیلے گا؟ 12- کیا اس کو والد کی جائیداد ورثہ میں نہیں ملے گی؟ 13- تم رکشہ کرائے پر کیوں نہیں لو گے؟ 14- لوگ عید کی نماز کہاں پڑھیں گے؟ 15- پاکستان کون سی اشیاء درآمد کرے گا؟

1. Will you recognize your friend? 2. Why will they refuse to give us their gun? 3. Will the boys remember this incident? 4. The minister will not resign. 5. Why will the police raid? 6. Will this dumb hear the talk? 7. Who will knock at the door? 8. Why will you kick the ball? 9. When will the girls knit sweaters? 10. Will they inform the police of theft? 11. Where will the hunter hunt deer? 12. Will he not inherit the property of his father? 13. Why

will you not hire rickshaw? 14. Where will the people offer Eid prayer?.15. What goods will Pakistan import?

FUTURE CONTINUOUS TENSE

(Affirmative)

اردو میں شناخت: اردو میں جملوں کے آخر پر "رہا ہوگا" "رہی ہوگی" "رہے ہوں گے" "رہوں گا" وغیرہ ہوتا ہے۔ جیسے بچہ انگوٹھا چوس رہا ہوگا۔ لڑکے پتنگیں اڑا رہے ہوں گے۔ میں آج فیصل آباد جا رہا ہوں گا۔ تم میرا انتظار کر رہے ہو گے۔

انگریزی بنانے کے لیے: پہلے فاعل کا ترجمہ کریں پھر shall be یا will be اور فعل کی پہلی فارم کے ساتھ ing لگائیں جیسے مندرجہ بالا تمام جملوں کا ترجمہ یوں ہوگا۔

The child will be sucking thumb. The boys will be flying kites. I shall be leaving for Faisalabad today. You will be waiting for me.

Exercise No.46

1- طلبہ گھر واپس جا رہے ہوں گے۔ 2- صدر جلسہ تقریر کر رہے ہوں گے۔ 3- معزز مہمان انعامات تقسیم کر رہا ہوگا۔ 4- میں ڈرامے میں حصہ لے رہا ہوں گا۔ 5- بچہ اپنا کھلونا تلاش کر رہا ہوگا۔ 6- ڈھول بجانے والے ڈھول بجا رہے ہوں گے۔ 7- ہم مکان میں سفیدی کر رہے ہوں گے۔ 8- فوج دشمن پر گولیاں برسا رہی ہوگی۔ 9- تم دریا میں نہا رہے ہو گے۔ 10- وہ کتے کو چھڑی سے مار رہا ہوگا۔ 11- انجینئر پل کی مرمت کر رہے ہوں گے۔ 12- میں کتاب کی جلد باندھ رہا ہوں گا۔ 13- پاگل کتا لوگوں کو کاٹ رہا ہوگا۔ 14- زخمی کا خون بہہ رہا ہوگا۔ 15- بچہ کھلونے توڑ رہا ہوگا۔

1.The students will be going back home. 2. The president of the meeting will be delivering aspeech. 3. The guest of honour will be giving away prizes. 4. I shall be taking part in drama. 5. The child will be looking for his toy. 6. The drummers will be beating their drums. 7. We shall be white-washing the house. 8. Army will be firing shots at the enemy. 9. You will be taking bath in the river. 10. He will be beating the dog with stick, 11. The engineers will be repairing the bridge. 12. I shall be binding the book. 13.The mad dog will be biting the people. 14. The blood of the wounded

will be flowing. 15. The child will be breaking toys.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے shall یا will کے بعد not لگائیں جیسے:

You will not be helping the poor.	تم غریبوں کی مدد نہیں کر رہے ہو گے۔
I shall not be reading the book.	میں کتاب نہیں پڑھ رہا ہوں گا۔
Boys will not be drawing the pictures.	لڑکے تصویریں نہیں بنا رہے ہوں گے۔

Exercise No.47

1-لوگ آج پتنگیں نہیں اڑا رہے ہوں گے۔ 2-ڈاکٹر مریض کا آپریشن نہیں کر رہا ہو گا۔ 3-گورنر میری عرضی پر غور نہیں کر رہا ہو گا۔ 4-وہ صلح نہیں کر رہے ہوں گے۔ 5-مریض دوائی کی خوراک نہیں پی رہا ہو گا۔ 6-بچے کاغذی کشتیاں نہیں تیرا رہے ہوں گے۔ 7-گاڑی تیز نہیں چل رہی ہو گی۔ 8-عورتیں ہار نہیں بنا رہی ہوں گی۔ 9-تم دوڑوں میں حصہ نہیں لے رہے ہو گے۔ 10-موچی جوتے تیار نہیں کر رہا ہو گا۔ 11-وہ مکان خالی نہیں کر رہے ہوں گے۔ 12-وہ مال سستا نہیں بیچ رہا ہو گا۔ 13-اچھے دکاندار مال ذخیرہ نہیں کر رہے ہوں گے۔ 14-سمگلر دن کے وقت سامان سمگل نہیں کر رہے ہوں گے۔ 15-نیک آدمی دودھ میں پانی نہیں ملا رہا ہو گا۔

1. The people will not be flying kites today. 2. The doctor will not be operating upon the patient. 3. The Governor will not be considering my application. 4. They will not be coming on good terms. 5. The patient will not be taking dose of medicine 6. The children will not be floating paper boats. 7. The train will not be running fast. 8. The women will not be stringing garlands. 9. You will not be taking part in races. 10. The cobbler will not be making shoes. 11. They will not be vacating the house. 12. He will not be selling his goods cheap. 13. Good shopkeepers will not be hoarding goods. 14. The smugglers will not be smuggling at day time. 15. Noble man will not be mixing water in milk.

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے shall یا will کو شروع میں لگائیں۔ پھر فاعل کے بعد be لگائیں۔ interrogative pronoun کو پہلے لائیں۔ جیسے:

Will they be taking exercise?	کیا وہ ورزش کر رہے ہوں گے؟
When will the washer man be wringing clothes?	دھوبی کب کپڑے نچوڑ رہا ہوگا؟
Why will you be teasing your parents?	تم اپنے والدین کو تنگ کیوں کر رہے ہو گے؟

Exercise No.48

1۔ بچے کب سو رہے ہوں گے؟ 2۔ کسان فصل کب بو رہے ہوں گے؟ 3۔ کیا مزدور سڑک ہموار کر رہے ہوں گے؟ 4۔ لوگ کہاں جمع ہو رہے ہوں گے؟ 5۔ ستارے کب چمک رہے ہوں گے؟ 6۔ کیا مسافر گھر پہنچ رہے ہوں گے؟ 7۔ ہم ان کا استقبال کہاں کر رہے ہوں گے؟ 8۔ فوج ملک کا دفاع کیسے کر رہی ہوگی؟ 9۔ کیا دونوں فریق زمین کے اس ٹکڑے پر لڑ رہے ہوں گے؟ 10۔ کیا تم میز کو پیچھے دھکیل رہے ہو گے؟ 11۔ وہ کیوں جھوٹ بول رہا ہوگا؟ 12۔ ریل گاڑی دیر سے کیوں آ رہی ہوگی؟ 13۔ کیا نوکر تازہ سبزی خرید رہا ہوگا؟ 14۔ کیا لڑکی چرخہ کات رہی ہوگی؟ 15۔ کتنے مزدور پل تعمیر کر رہے ہوں گے؟

1. When will the children be sleeping? 2. When will the farmers be sowing crops? 3. Will the labourers be levelling the road? 4. Where will the people be gathering? 5. When will the stars be shining? 6. Will the travellers be reaching home? 7. Where shall we be greeting them? 8. How will the army be defending country? 9. Will both the parties be fighting over this patch of land? 10. Will you be pushing the table back? 11. why will he be telling a lie? 12. Why will the train be arriving late? 13. Will the servant be buying fresh vegetable? 14. Will the girl be running spinning wheel? 15.How many labourers will be constructing bridge?

FUTURE PERFECT TENSE

(Affirmative)

اردو میں شناخت: اردو میں اس Tense کی دو طرح شناخت کی جاتی ہے۔
"نے" کے بغیر "نے" کے ساتھ

وہ اپنا کام ختم کر چکا ہوگا۔ — اس نے اپنا کام ختم کر لیا ہوگا۔

میں نظم زبانی یاد کر چکا ہوں گا۔ — میں نے نظم زبانی یاد کر لی ہوگی۔

تم قرضہ ادا کر چکے ہو گے۔ — تم نے قرضہ ادا کر دیا ہوگا۔

انگریزی میں ترجمہ کرنے کے لئے: پہلے فاعل کا ترجمہ کریں پھر shall have یا will have کے بعد فعل کی تیسری فارم لگائیں اور آخر میں مفعول کا ترجمہ کریں۔ اوپر کے جملوں کا ترجمہ ملاحظہ کریں۔

He will have done his work. I shall have learnt the poem by heart. You will have paid your debt off.

بعض اوقات ایک جملے میں دو کام ہوتے ہیں۔ ایسے جملوں میں Principal Clause کا ترجمہ اس Tense میں اور Subordinate Clause کا ترجمہ Present Indefinite Tense میں کریں۔ جیسے

میرے وہاں پہنچنے سے پہلے لوگ گاؤں خالی کر چکے ہوں گے۔	The people will have vacated the village before I reach there.
سورج نکلنے سے پہلے ہم منزل مقصود پر پہنچ چکے ہوں گے۔	We shall have reached the destination before the sun rises.
تمہارے سکول پہنچنے سے پہلے استاد حاضری لگا چکے ہوں گے۔	The teachers will have called the roll before you reach school.

Exercise No.49

1-وہ دروازے کو تالا لگا چکا ہوگا۔ 2-ہم صندوق کا قفل کھول چکے ہوں گے۔ 3-مزدوروں نے ہڑتال کر دی ہوگی۔ 4-کلرک ہڑتال کھول چکے ہوں گے۔ 5-وہ اپنا کام مکمل کر چکے ہوں گے۔ 6-اس اجتماع میں کئی ملکوں نے حصہ لیا ہوگا۔ 7-اچھے کھلاڑی انعامات حاصل کر چکے ہوں گے۔ 8-باغبان کیاریاں تیار کر چکا ہوگا۔ 9-سلیم نے اپنے بھائی کی مدد کی ہوگی۔ 10-ہمارے دوست ہمارا انتظار کر چکے ہوں گے۔ 11-تم نے مجید کی سفارش کر دی ہوگی۔ 12-میں جماعت کو امتحان کے بارے میں سب کچھ بتا چکا ہوں گا۔ 13-لڑکے مقابلے کے متعلق سب کچھ جان چکے ہوں گے۔ 14-زبیدہ اپنی سہیلی کو راز بتا چکی ہوگی۔ 15-سوار گھوڑوں سے اتر چکے ہوں گے۔

1. He will have locked the door. 2. We shall have unlocked the box. 3. The labourers will have gone on strike. 4. The clerks will have called the strike off. 5. They will have completed their work. 6. Several countries will have taken part in this gathering. 7. Good

players will have won the prizes. 8. The gardener will have made flower-beds. 9. Saleem will have helped his brother. 10. Our friends will have waited for us. 11. You will have recommended Majid. 12. I shall have told the class everything about the examination. 13. The boys will have learnt everything about competition. 14. Zeba will have opened her secret to her friend. 15. The riders will have alighted the horses.

NEGATIVE

اس Tense کے جملوں کو منفی بنانے کے لئے shall یا will کے بعد not لگائیں جیسے:

This key will not have fitted my lock.	یہ چابی میرے تالے کو نہیں لگی ہوگی۔
His mother will not have weaned the child.	اس کی ماں نے بچے کا دودھ نہیں چھڑایا ہوگا۔
You will not have got any job.	تم کسی کام پر نہیں لگ چکے ہوگے۔
They will not have repudiated the Muslim League.	وہ مسلم لیگ کو چھوڑ نہیں چکے ہوں گے۔

Exercise No.50

1-انہوں نے یہ غلطی نہیں کی ہوگی۔ 2-وہ تنخواہ نہیں لے چکا ہوگا۔ 3-میں نے تمہارا خط نہیں کھولا ہو گا۔ 4-اُستاد نے طالب علم کو بید نہیں لگائے ہوں گے۔ 5-ہم نے ان کے سوالات کے جوابات نہیں دیئے ہوں گے۔ 6-کوئی مسافر بس میں سوار نہیں ہوا ہوگا۔ 7-رنگ ساز نے دروازوں کو رنگ نہیں کیا گا ہو 8-بھیڑیں ابھی چر نہیں چکی ہوں گی۔ 9-گوالے نے بھینس کا دودھ نہیں نکالا ہوگا۔ 10-گاؤں والوں نے اپنی مدد آپ نہیں کی ہوگی۔ 11-وہ جلوس میں شامل نہیں ہوئے ہوں گے۔ 12-باورچی نے کھانا تیار نہیں کیا ہوگا۔ 13-وہ اخبار نہیں پڑھ چکے ہوں گے۔ 14-ڈاکیا میرا خط نہیں لایا ہوگا۔ 15-اس نے غریب آدمی کا مذاق نہیں اڑایا ہوگا۔

1. They will not have made this mistake. 2. He will not have received his pay. 3. I shall not have opened your letter. 4. The teacher will not have caned the student. 5. We shall not have answered their questions. 6. No passenger will have boarded the bus. 7. The painters will not have painted the door. 8. The sheep

will not have grazed yet. 9. The milkman will not have milked the buffalo. 10. The villagers will not have helped themselves. 11. They will not have joined the procession. 12. The cook will not have prepared meal. 13. They will not have read newspaper. 14.The postman will not have brought letter in my name. 15. He will not have made fun of the poor man.

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے shall یا will کو شروع میں لکھیں۔ Interrogative Pronoun کو اس سے بھی پہلے لائیں۔ جیسے:

When will he have caught this disease?	یہ مرض اسے کب سے لگ چکا ہوگا؟
Will this case have been taken up?	کیا اس مقدمے کو دیکھا جا چکا ہوگا؟
Why will he have invested his whole money in business?	اس نے اپنا سارا روپیہ کاروبار میں کیوں لگا دیا ہوگا؟
Who will have made off with my bag of money,	میرا روپوں کا تھیلا لے کر کون چلا بنا ہوگا؟

Exercise No.51

1- کیا انجینئر اس نقشے کو منظور کر چکے ہوں گے؟ 2- گاؤں والوں نے گاؤں کو کیسے سجایا ہوگا؟ 3- کیا بشیر نے استعفیٰ دے دیا ہوگا؟ 4- گاڑی پر پتھر کس نے پھینکا ہوگا؟ 5-دیوانے نے کتابیں کہاں جلائی ہوں گی؟ 6- مسافر کل رات کہاں ٹھہرے ہوں گے؟ 7- کیا عورتوں نے یہ گیت پسند کیا ہوگا؟ 8-اس نے خط کب ڈاک میں ڈالا ہوگا؟ 9- کیا وہ الزام ماننے سے انکار کر چکا ہوگا؟ 10- پوسٹ ماسٹر نے ڈاک خانہ کب کھولا ہوگا؟ 11- کیا مزدور سکول میں سفیدی کر چکے ہوں گے؟ 12- کیا چوکیدار نے مکان کی حفاظت کی ہوگی؟ 13- کیا انہوں نے افسر کا حکم مانا ہوگا؟ 14- کیا تم میرے مشورے پر عمل کر چکے ہو گے؟ 15-اس کو یہ حادثہ کہاں پیش آیا ہوگا؟

1. Will the engineers have approved this map? 2. How will the villagers have decorated the village? 3. Will Bashir have resigned? 4. Who will have thrown stone at the van? 5. Where will the mad man have burnt up the books? 6.Where will the passengers have stayed for the last night? 7. Will the women have liked this song?

8. When will he have posted the letter? 9. Will he have denied to accept the charge? 10. When will the postmaster have opened the post office? 11. Will the labourers have white- washed the school? 12. Will the watchman have looked after the house? 13. Will they have obeyed the officer? 14. Will you have acted upon my advice? 15. Where will he has met this accident? .

FUTURE PERFECT CONTINUOUS TENSE

اردو میں شناخت: Future Continuous کے جملوں میں وقت داخل کرنے سے یہ Tense بن جاتا ہے۔ جیسے:

Future Continuous.	1۔ اسلم دکان کا کام چلا رہا ہوگا۔
Future Perfect Continuous.	2۔ اسلم دو ماہ سے دکان کا کام چلا رہا ہوگا۔
Future Continuous.	3۔ بچہ اپنی ماں کے گلے لگ رہا ہوگا۔
Future Perfect Continuous.	4۔ بچہ پانچ منٹ سے اپنی ماں کے گلے لگ رہا ہوگا۔
Future Continuous.	5۔ قیمتیں چڑھ رہی ہوں گی۔
Future Perfect Continuous.	6۔ قیمتیں پانچ سال سے چڑھ رہی ہوں گی۔

انگریزی بنانے کا طریقہ: پہلے فاعل کا ترجمہ کریں۔ پھر will have یا shal have been لگا کر فعل کی پہلی فارم کے ساتھ ing لگائیں۔ اسکے بعد مفعول اور since یا for اور پھر دیے گئے وقت کا ترجمہ کریں۔ جیسے مندرجہ بالا جملوں کا ترجمہ یوں ہوگا۔

Aslam will have been carrying on the work of the shop for two months. The child will have been embracing his mother for five minutes. Prices will have been goingup for five years.

Exercise No.52

1-لوگ چار بجے سے کنویں سے پانی بھر رہے ہوں گے۔ 2-آپ آدھ گھنٹے سے ڈپو سے آٹا لیتے رہے ہوں گے۔ 3-طالب علم تین گھنٹے سے پرچہ حل کرتے رہے ہوں گے۔ 4-اقبال کئی سالوں سے اشعار لکھتے رہے ہوں گے۔ 5- کھلاڑی ایک گھنٹے سے ہاکی کھیلتے رہے ہوں گے۔ 6-لوگوں کی اکثریت 1984ء سے اس قانون کی مخالفت کرتی رہی ہوگی۔ 7- عورتیں دوپہر سے لڑتی رہی ہوں گی۔ 8- تم پندرہ مارچ سے دہم کا امتحان لیتے رہے ہو گے۔ 9- کچھ آدمی اتوار سے روزہ رکھ رہے ہوں گے۔ 10-نیک آدمی دو گھنٹے سے دعا مانگ رہا ہوگا۔ 11-وہ کل سے جھوٹے بہانے بنا رہا ہوگا۔ 12-لڑکے صبح سے دریا میں تیرتے رہے ہوں گے۔ 13-لڑکیاں دسمبر سے سویٹر بنتی رہی ہوں گی۔ 14-ہم پندرہ منٹ سے چائے تیار کرتے رہے ہوں گے۔ 15-مداری پانچ بجے سے تماشا دکھا رہا ہوگا۔

1. The people will have been drawing water out of the well since 4 O ' clock. 2. You will have been getting flour from the depot for half an hour. 3. The students will have been doing their paper for three hours. 4. Iqbal will have been writing verses for many years. 5. The players will have been playing hockey for an hour. 6. The majority of people will have been opposing this law since 1984. 7. The women will have been fighting since noon. 8. You will have been giving examination to the 10th class since March 15. 9.Some people will have been fasting since Sunday. 10.The nobleman will have been praying for two hours. 11. He will have been making lame excuses since yesterday. 12. The boys will have been swimming in the river since morning. 13. The girls will have been knitting sweaters since December. 14. We shall have been making tea for fifteen minutes. 15. The juggler will have been performing show since 5 O' clock.

NEGATIVE

اس Tense کا منفی بنانے کے لئے shall یا will کے بعد not لگائیں۔ مثلاً

We shall not have been facing hardships for ever.	ہم ہمیشہ سے مصائب کا سامنا نہیں کرتے رہے ہوں گے۔
You will not have been waiting for me since yesterday.	تم کل سے میرا انتظار نہیں کر رہے ہو گے۔
The landlord will not have been forcing the tenant to vacate the house for three months.	مالک مکان تین ماہ سے کرایہ دار کو مکان خالی کرنے پر مجبور نہیں کر رہا ہوگا۔

Exercise No.53

1- بچہ شام سے نہیں رو رہا ہوگا۔ 2- تماشائی کھیل میں ایک گھنٹے سے دلچسپی نہیں لیتے رہے ہوں گے۔ 3- ڈاکٹر دوپہر سے مریضوں کو ٹیکے نہیں لگا رہا ہوگا۔ 4- تیراک کل سے دریا میں نہیں تیرتے رہے ہوں گے۔ 5- بشیر 4 بجے سے نوٹ نہیں گن رہا ہوگا۔ 6- نجمہ ایک ماہ سے کپڑے نہیں سی رہی ہوگی۔ 7- نوکر تین سال سے مالک کی خدمت نہیں کر رہا ہوگا۔ 8- قافلہ ایک ہفتے سے آگے نہیں چل رہا ہوگا۔ 9- لوگ پچھلے سال سے اس اخبار کو نہیں پڑھتے رہے ہوں گے۔ 10- میرے رشتہ دار چار سال سے میرے گھر کی حفاظت نہیں کرتے رہے ہوں گے۔ 11- آپ دو دن سے افسر کی خوشامد نہیں کرتے رہے ہوں گے۔ 12- ہم اگست سے اس کو تحفے نہیں دیتے رہے ہوں گے۔ 13- وہ سوموار سے پھل

نہیں بیچتے رہے ہوں گے۔ 14- ٹھیکیدار 16 تاریخ سے فوج کو خوراک مہیا نہیں کرتے رہے ہوں گے۔ 15- ہمارا وزیر اعظم 1970ء سے ایسی غلطیاں نہیں کر تا رہا ہوگا؟

1. The child will not have been weeping since evening. 2. The spectators will not have been taking interest in the play for an hour. 3. The doctor will not have been injecting the patients since noon. 4. The swimmers will not have been swimming in the river since yesterday. 5. Bashir will not have been counting notes since 4 O ' clock. 6. Najma will not have been sewing clothes for one month. 7. The servant will not have been serving the master for three years. 8. The caravan will not have been moving on for one week. 9. The people will not have been reading this newspaper for the last year. 10. My relatives will not have been looking after my house for four years. 11. You will not have been flattering the officer for two days. 12. We shall have been sending him gifts since August. 13. They will not have been selling fruit since Monday. 14. The contractors will not have been supplying food to the army since 16th instant. 15. Our Prime-Minister will not have been making such a mistake since 1970.

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے shall یا will کو شروع میں لائیں۔ Interrogative Pronoun کو سب سے پہلے لکھیں۔

Shall we have been living in this house since December 26, 1981.	کیا ہم 26 دسمبر 1981ء سے اس مکان میں رہ رہے ہوں گے؟
Why will the people have not been praying for rain for ten days?	لوگ بارش کے لئے دس دن سے دعائیں کیوں نہ مانگ رہے ہوں گے؟
Since when will the washer men have been washing clothes?	دھوبی کب سے کپڑے دھو رہے ہوں گے؟
Will our school have been making progress by leaps and bounds for many years?	کیا ہمارا اسکول کئی سالوں سے دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہوگا؟

Exercise No.54

1- کیا لوگ ایک ماہ سے اس قانون کے خلاف احتجاج کر رہے ہوں گے؟ 2- طلباء پولیس کے خلاف

صبح سے نعرے کیوں لگا رہے ہوں گے؟ 3- کیا باورچی 9 بجے سے کھانا پکا تا رہا ہوگا؟ 4- عورت ایک گھنٹے سے باورچی خانے میں کیا بھون رہی ہوگی؟ 5- لڑکے 8 بجے سے کیا مضمون لکھتے رہے ہوں گے؟ 6- مصور پانچ ماہ سے کس کی تصویر بناتے رہے ہوں گے؟ 7- کل سے کتنے مزدور اینٹیں اٹھاتے رہے ہوں گے؟ 8- کتا کب سے دم ہلاتا رہا ہوگا؟ 9- کیا شہد کی مکھیاں پندرہ منٹ سے کاٹتی رہی ہوں گی؟ 10- کیا مالی صبح سے کیاریوں سے گھاس کاٹ رہا ہوگا؟ 11- کیا یہ آدمی دو سال سے خواہ مخواہ تنخواہ وصول کرتا رہا ہوگا؟ 12- بادشاہ چار دن سے شہر کی گلیوں میں کیوں گھومتا رہا ہوگا؟ 13- کیا گورنر رات سے عوام میں گھل مل جاتا رہا ہوگا؟ 14- کیا یہ عالم آدمی ایک سال سے اس کتاب کا ترجمہ کرتا رہا ہوگا؟ 15- کیا باپ اپنے بیٹے کے سر پر دس منٹ سے ہاتھ پھیر رہا ہوگا؟

1. Will the people have been protesting against this law for one month? 2. Why will the students have been shouting against police since morning? 3. Will the cook have been making food since 9 O' clock? 4. What will the woman have been roasting in the kitchen for an hour? 5. What essay will the students have been writing since 8 O ' clock? 6. Whose picture will the painters have been drawing for five months? 7. How many labourers will have been carrying bricks since yesterday. 8. Since when will the dog have been wagging tail? 9. Will the bees have been stinging for fifteen minutes? 10. Will the gardener have been cutting grass from the beds since morning? 11. Will this man have been receiving salary for nothing for two years? 12. Why will the king have been going through the streets of the city for four days? 13. Will the Governor have been mingling with common people since night? 14. Will this scholar have been translating this book for one year? 15. Will father have been patting his son' s head for ten minutes?

PASSIVE VOICE

(Future Indefinite Tense)

(Affirmative)

اس Tense میں Active Voice کے مفعول کو جملے کے شروع میں فاعلی حالت میں لکھیں۔ پھر اس کے مطابق shall be یا will be لگائیں۔ اس کے بعد فعل کی تیسری فارم اور by لگا کر Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لائیں۔

He will be transferred soon. — اسے جلد ہی تبدیل کر دیا جائے گا۔

This law will be amended next year. اس قانون میں اگلے سال ترمیم کردی جائے گی۔

Barren areas will be irrigated with canal water soon. بنجر علاقے جلد ہی نہری پانی سے سیراب کر دیے جائیں گے۔

Exercise No.55

1۔ یہ پارسل واپس بھیجا جائے گا۔ 2۔ تمہارے خط کا جواب دیا جائے گا۔ 3۔ بچوں میں مٹھائی تقسیم کی جائے گی۔ 4۔ گندم کی فصل اپریل میں کاٹی جائے گی۔ 5۔ سکول لائبریری کے لئے معیاری کتب خریدی جائیں گی۔ 6۔ کسانوں کو بلاسود قرضہ دیا جائے گا۔ 7۔ پل بنانے کے لئے سیمنٹ فراہم کیا جائے گا۔ 8۔ تمہیں کالج میں داخلہ دیا جائے گا۔ 9۔ اس سال دو نئے ٹیکس لگائے جائیں گے۔ 10۔ مسافروں کو کئی سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ 11۔ ملک میں زرعی اصلاحات نافذ کی جائیں گی۔ 12۔ نئی سڑکیں بنانے پر ہزاروں روپے خرچ کئے جائیں گے۔ 13۔ چڑیا گھر میں کچھ نئے جانور لائے جائیں گے۔ 14۔ طارق کی تصویریں نمائش میں رکھی جائیں گی۔ 15۔ صدر کی آمد پر بینڈ بجایا جائے گا۔

1. This parcel will be sent back. 2. Your letter will be replied. 3. Sweet will be given away among the children. 4. Wheat crop will be harvested in April. 5. Upto the standard books will be purchased for shcool library. 6. Loan without interest will be given to the farmers. 7. Cement will be supplied for the construction of bridge. 8. You will be given admission in college. 9. Two new taxes will be imposed this year. 10. Many facilities will be provided to the passengers. 11. Agricultural reforms will be introduced in the country. 12. Thousands of rupees will be spent to lay new roads. 13. Some new animals will be brought in the zoo. 14. The pictures of Tariq will be displayed in exhibition. 15. Band will be played at the arrival of the president.

NEGATIVE

اس Tense کے جملوں کو منفی بنانے کے لئے shall یا will کے بعد not لگائیں۔ جیسے:

You will not be allotted the house. آپ کو مکان الاٹ نہیں کیا جائے گا۔

He will not be permitted to leave the country. اسے ملک چھوڑنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

This vacancy will not be advertised in newspaper. اس آسامی کو اخبار میں مشتہر نہیں کیا جائے گا۔

Exercise No.56

1- نرسوں کی ہڑتال نہیں کھولی جائے گی۔ 2- یہ چیزیں کھلے بازار میں بیچی نہیں جائیں گی۔ 3- آپ کے خط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ 4- اس کو ملک سے باہر نہیں جانے دیا جائے گا۔ 5- کمرے میں قالین نہیں بچھایا جائے گا ۔ 6- یہ چٹھی ڈاک میں نہیں ڈالی جائے گی۔ 7- یہ کتاب نجم کے سپرد نہیں کی جائے گی۔ 8- اس کو اگلی جماعت میں ترقی نہیں دی جائے گی۔ 9- اسلم کو تنبیہ نہیں کی جائے گی۔ 10- ہجوم کو منتشر نہیں کیا جائے گا۔ 11- روپیہ بنک سے قرضہ نہیں لیا جائے گا۔ 12- اس بات کو ثابت نہیں کیا جائے گا۔ 13- میرے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا جائے گا۔ 14- ہمیں میچ کھیلنے نہیں جائے گا۔

1. The strike of nurses will not be called off. 2. These things will not be sold in open market. 3. Your letter will not be replied. 4. He will not be allowed to go abroad. 5. The room will not be carpeed. 6. This letter will not be posted. 7. Najam will not be entrusted with this book. 8. He will not be promoted to the next class. 9. Aslam will not be warned. 10. Crowd will not be dispersed. 11. Money will not be taken as loan from the bank. 12. This issue will not be proved. 13. I shall not be treated well. 14. We shall not be allowed to play match.

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے shall یا will کو شروع میں لائیں۔ Interrogative Pronoun کو اس سے بھی پہلے لائیں۔ جیسے

How will this book be finished?	یہ کتاب کیسے ختم کی جائے گی؟
Why will the house be auctioned?	مکان نیلام کیوں کیا جائے گا؟
When will the vehicles be driven by solar energy?	گاڑیاں شمسی توانائی سے کب چلائی جائیں گی؟

Exercise No.57

1- نیا بجلی گھر کہاں بنایا جائے گا؟ 2- کیا فصل کو کھاد دے دی جائے گی؟ 3- یہ پیغام کس کو دیا جائے گا؟ 4- کیا یہ چٹھی رجسٹری بھیجی جائے گی؟ 5- عید کی نماز کون پڑھائے گا؟ 6- بغیر دودھ چائے کیسے بنائی جائے گی؟ 7- کتنی کتابوں کی جلدیں کی جائیں گی؟ 8- گاڑی کہاں کھڑی کری جائے گی؟ 9- پولیس کے سپاہیوں کو تربیت کہاں دی جائے گی؟ 10- کیا مجھے اس دفتر میں ڈائریکٹر لگایا جائے گا؟ 11- اسے کب ترقی دی جائے گی؟ 12- کیا کمرہ صبح صاف کر دیا جائے گا؟ 13- مکان کب خالی کرایا جائے گا؟

14- کیا کل امتحان کے نتیجہ کا اعلان کر دیا جائے گا؟

1. Where will the new power house be built? 2. Will the crop be manured? 3. To whom will this message be given? 4. Will this letter be registered? 5. By whom will the Eid prayer be led? 6. How will tea be made without milk? 7. How many books will be bound? 8. Where will the van be parked? 9. Where will the policemen be trained? 10. Shall I be appointed as director in this office? 11. When will he be promoted? 12. Will the room be cleaned in the morning? 13. When will the house be vacated? 14. Will the result of the examination be announced tomorrow?

FUTURE PERFECT TENSE

(Affirmative)

اس Tense کے جملوں کے Active Voice کے مفعول کو فاعل حالت میں لائیں۔ پھر shall have been یا will have been کے بعد فعل کی تیسری فارم۔ اس کے بعد by اور آخر میں Active Voice کے فاعل کو مفعولی حالت میں لائیں۔ جیسے:

The gun will have been gone off.	بندوق چل چکی ہوگی۔
Many prisoners will have been released.	بہت سے قیدی چھوڑے جا چکے ہوں گے۔
His pulse will have been felt.	اس کی نبض دیکھی جا چکی ہوگی۔

Exercise No.58

1- بچے کا لباس تبدیل کیا جا چکا ہوگا۔ 2- فوج کو نئے ہتھیار مہیا کئے جا چکے ہوں گے۔ 3- ملزم پکڑا جا چکا ہوگا۔ 4- مسافر کو خطرے سے خبردار کیا جا چکا ہوگا۔ 5- شیر گولی سے ہلاک کر دیا گیا ہوگا۔ 6- کچھ آدمیوں کو پیچھے چھوڑا جا چکا ہوگا۔ 7- بہترین کھلاڑی کی تصویر لی گئی ہوگی۔ 8- بشیر بہترین طالب علم قرار دیا جا چکا ہوگا۔ 9- بادشاہ کو تاج پہنایا جا چکا ہوگا۔ 10- ہمیں اس کی کامیابی کی اطلاع دی جا چکی ہوگی۔ 11- مہمان کو عمدہ کھانے پیش کئے جا چکے ہوں گے۔ 12- میرے بھائی کو کامیابی پر مبارک باد دی جا چکی ہوگی۔

1. The dress of child will have been changed. 2. Army will have been supplied with new weapons. 3. The culprit will have been

identified. 4. The traveller will have been warned of the danger. 5. The lion will have been shot dead. 6. Some men will have been left behind. 7. The best player will have been photo graphed. 8. Bashir will have been declared the best student. 9. The king will have been crowned. 10. We shall have been informed of his success. 11. The guest will have been offered delicious dishes. 12. My brother will have been congratulated on his success.

NEGATIVE

منفی بنانے کے لئے shall یا will کے بعد not لگا ئیں۔ جیسے:

All the animals will not have been sold.	سارے جانوروں کو بیچا نہیں گیا ہوگا۔
His box will not have been emptied.	اس کے صندوق کو خالی نہیں کیا گیا ہوگا۔
Fire will not have been lit.	آگ جلائی نہیں گئی ہوگی۔

INTERROGATIVE

سوالیہ بنانے کے لئے shall یا will کو شروع میں لائیں۔ مثلاً

Will Ali has been sent to Lahore.	کیا علی کو لاہور بھیجا گیا ہوگا؟
How many trees will have been planted?	کتنے درخت لگائے جا چکے ہوں گے؟
Shall we have been forgiven?	کیا ہمیں معاف کر دیا گیا ہوگا؟

Exercise No.59

1- کیا چپڑاسی گھنٹی بجا چکا ہوگا؟ 2- جال کہاں بچھایا جا چکا ہوگا؟ 3- مقدمے کا فیصلہ کب سنایا جا چکا ہوگا؟ 4- کیا ہمیں مشورہ دیا جا چکا ہوگا؟ 5- کیا اس کو رہا کیا جا چکا ہوگا؟ 6- کیا اس کی ضمانت ہو چکی ہوگی؟ 7- کیا پنکھے کی مرمت کی جا چکی ہوگی؟ 8- ان کی اپیل کیوں مسترد ہو چکی ہوگی؟ 9- کیا تمہارے پڑوسی کا کتا مارا جا چکا ہوگا؟ 10- کیا وہ امیر جماعت نامزد کیا جا چکا ہوگا؟ 11- بشیر کے حق

میں کتنے ووٹ ڈالے جا چکے ہوں گے؟ 12- ہوائی جہاز کہاں اتارے جا چکے ہوں گے؟ 13- کیا ٹی وی پر خبریں سنائی جا چکی ہوں گی؟ 14- کیا امیدواروں کو ہدایات دی جا چکی ہوں گی؟ 15- کیا میں اسسٹنٹ ہیڈ مسٹریس مقرر کی جا چکی ہوں گی؟ 16- کیا اسد 220 میٹر کی دوڑ جیت چکا ہوگا؟ 17- مہمان کو کب رخصت کیا جا چکا ہوگا؟ 18- کیا تمام دکانیں بند ہو چکی ہوں گی؟ 19- کیا مریض کو ہسپتال سے فارغ کیا جا چکا ہوگا؟ 20- کیا سڑک کی پیمائش کی جا چکی ہوگی؟ 21- کتنا غلہ تولا جا چکا ہوگا؟ 22- کیا مجھے ان کا پیغام دیا جا چکا ہوگا؟ 23- طلبہ کو سکول میں جانے کی اجازت کیوں نہیں دی جا چکی ہوگی؟ 24- کیا سکول کے صحن میں پانی چھڑکا جا چکا ہوگا؟ 25- کیا سنگترے گنے جا چکے ہوں گے؟

1. Will the bell have been rung by the peon? 2. Where will the net have been set? 3. When will the case have been decided? 4. Shall we have been advised? 5. Will he have been released? 6. Will he have been granted bail? 7. Will the fan have been repaired? 8. Why will their appeal have been rejected? 9. Will the dog of your neighbour have been killed? 10. Will he have been nominated as the leader of the party? 11. How many votes will have been cast in favour of Bashir? 12. Where will the aeroplanes have been landed? 13. Will the news on T.V. have been telecast? 14. Will the candidates have been given instructions? 15. Shall I have been appointed assistant headmistress? 16. Will 220 metre race have been won by Asad? 17. When will the guest have been seen off? 18. Will all the shops have been closed? 19. Will the patients have been discharged from the hospital? 20. Will the road have been measured? 21. How much corn will have been weighed? 22. Shall I have been given their message? 23. Why will the students have not been allowed to go in school bus? 24. Will the water have been sprinkled in school compound? 25. Will the oranges have been counted?

PARAGRAPHS

اُردو پیراگراف کی انگلش میں ٹرانسلیشن

RULES OF TRANSLATION

مسلسل عبارت کا انگریزی میں ترجمہ کرتے وقت ان قواعد کا خیال رکھیں۔

فنِ ترجمہ کے قواعد

1۔ ترجمہ کے لیے درست اور موزوں الفاظ منتخب کریں اور ان کے ہجے (Spellings) بھی درست ہوں۔

2۔ الفاظ مناسب ترتیب سے لکھیں۔ اس سلسلہ میں اردو اور انگریزی فقرات کی بناوٹ کا فرق بھی ضرور مدنظر رکھیں۔

3۔ اوقاف (Punctuation Marks) صحیح طور پر استعمال کریں۔ خوشخط لکھیں۔ اگر تحریر غیر واضح ہوگی تو تمام اصولوں پر عمل کرنا بھی بے کار رہے گا۔

4۔ لفظی ترجمہ کرنے کی بجائے جملے کا مفہوم سمجھ کر بامحاورہ ترجمہ کریں۔

5۔ ترجمہ کے لیے مشکل اور لمبے جملوں کی بجائے آسان اور چھوٹے جملے استعمال کریں۔

6۔ صحیح ترجمہ کے لیے Tenses پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے۔ Tenses کو سمجھ کر یاد کریں اور ان کے مطابق ترجمہ کریں۔

7۔ ترجمہ کرتے وقت Tenses کے علاوہ گرامر کے دیگر قواعد کو مدنظر رکھنا بھی ضروری ہے۔

8۔ کسی عنوان پر کچھ تحریر کرتے وقت یا ترجمہ کرتے وقت کوشش کریں کہ بات ان ڈائریکٹ طریقے (روایت معنوی) (INDIRECT NARRATION) کی بجائے ڈائریکٹ طریقے (روایت لفظی) (DIRECT NARRATION) میں بیان کریں۔

9۔ اسی طرح ACTIVE VOICE & PASSIVE VOICE کے استعمال کے وقت بھی یہ اصول پیش نظر رکھیں کہ اصل اور حقیقی مفہوم آسان لفظوں میں بیان ہو جائے۔

10۔ ترجمہ کرنے کے بعد نہایت احتیاط سے نظر ثانی ضرور کر لیا کریں۔

ٹرانسلیشن کی مشقوں کا باقاعدہ آغاز کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ ہم جملے کی بناوٹ اور جملے سوالیہ منفی بنانے کے بارے میں چند ایک ضروری باتیں سمجھ لیں۔

NO. 1

میرے گھر کے سامنے ایک باغ ہے۔ اس میں بہت سے پودے اور درخت ہیں۔ بہار کے موسم میں کئی رنگ کے پھول کھلتے ہیں۔ ان کی خوشبو اردگرد پھیل جاتی ہے۔ شام کو باغ آدمیوں، عورتوں اور بچوں سے بھر جاتا ہے۔ لوگ ادھر ادھر پھرتے اور لطف اٹھاتے ہیں۔ بچے باغ میں دوڑتے ہیں۔ اب وہ یہاں ہیں اور دوسرے لمحے وہ باغ کے دوسرے کونے میں ہیں۔ ہر شام میں بھی باغ میں سیر کے لئے جاتا ہوں۔ بہت سے مالی باغ کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

There is a garden in front of my house. It has many plants and trees. Flowers of different colours bloom in the spring season. Their fragrance spread around. The garden is filled with men, women and children in the evening. People walk about and enjoy themselves. Children run in the garden. Now this moment they are here and next moment they are in the other corner of the garden. I also go to this garden for a walk daily in the evening. Many gardeners look after the garden.

NO. 2

زندگی کے نشیب و فراز میں ایسے لمحات بھی آتے ہیں جب انسان بالکل ناامید ہو جاتا ہے۔ اسے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آتا ہے اور اس کے مقابلے کی سکت ختم ہو جاتی ہے۔ یہ بات انسان کی عظمت کیخلاف ہے۔ دنیا میں جتنی بھی ترقی ہوئی ہے وہ اس عزم و ہمت کا نتیجہ ہے جو کہ اللہ نے انسان کو عطا فرمائی ہے۔ انسان کو چاہیے کہ کبھی ہمت نہ ہارے بلکہ مردانہ وار ناکامیوں کا مقابلہ کرے۔ اللہ تعالیٰ ایک دن ضرور کامیابی عطا کرے گا۔

Such moments occur in the ups and downs of a man's life when a man totally loses his hope. He becomes pessimist and the power of competition disappears. It is against the dignity of man. All the progress in the world is the result of determination and perseverance that God has granted to man. Man should never lose heart. Instead he should face his failures manfully. One day God will bless him with success.

NO. 3

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک گیدڑ ایک دریا کے کنارے رہتا تھا۔ دریا کے دوسرے کنارے پر خربوزے کے بہت سے کھیت تھے۔ دریا گہرا اور چوڑا تھا۔ گیدڑ جی بھر کر خربوزے کھانا چاہتا تھا۔ وہ دریا عبور نہیں کر سکتا تھا۔ ایک دن اس نے اپنے دوست اونٹ سے کہا "اگر تم مجھے دریا کے دوسرے کنارے لے چلو تو

میں بہت شکر گزار ہوں گا"۔ اونٹ رضامند ہو گیا۔ گیدڑ اونٹ کی پیٹھ پر چھلانگ لگا کر چڑھ گیا۔ اونٹ دریا میں سے چلتا ہوا دوسرے کنارے پہنچ گیا۔ گیدڑ خربوزوں کے کھیت میں گھس گیا اور مزے سے خربوزے کھانے لگا۔

Once a jackal lived on the bank of a river. There were many melon-fields on the other side of the river. The river was deep and broad. The jackal wanted to eat the melons to his fill. He could not cross the river. One day he said to his friend camel, "If you get me to the other bank of the river, I shall be thankful to you." The camel agreed. The jackal jumped up onto the back of the camel. Wading through the river, the camel reached the other bank. The jackal entered the melon-field and began to eat melons with great delight.

NO. 4

ڈر ہے کہ چند سال بعد دنیا کا تیل ختم ہو جائے گا۔ ہر ملک یہ کوشش کر رہا ہے کہ تیل کے مزید ذخیرے دریافت کرے۔ معلوم نہیں کہ یہ کوشش کس حد تک کامیاب ہو گی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی تیل کی ضروریات کو کم کریں۔ صنعت و تجارت میں تیل کی کھپت کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ نجی ضرورتوں کو کم کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ باہر سے کاروں کی جگہ بسیں درآمد کریں تاکہ طالب علموں کے لئے بسوں کی سہولت کو بہتر بنایا جا سکے۔

There is fear that the oil of the world will run out after a fewyears. Every country is trying to discover more reserves of oil. It is not known how far this struggle will succeed. The need of the hour is to cut short our oil requirements. The consumption of oil in industry and agriculture can not be minimised. Anyhow private needs can be lessened. We should import buses in place of cars so that the facility of buses may be improved for the students.

NO. 5

میں دسویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔ جس سکول میں پڑھتا ہوں وہ شہر کا ایک مشہور سکول ہے۔ میری جماعت کو چار استاد پڑھاتے ہیں۔ وہ سب کے سب قابل ہیں۔ لیکن مجھے سب سے زیادہ مسٹر زیب پسند ہیں۔ وہ ہمیں انگریزی اور حساب پڑھاتے ہیں۔ ان کے پڑھانے کا طریقہ اتنا اچھا ہے کہ جو کچھ پڑھاتے ہیں وہ ہمیں فوراً یاد ہو جاتا ہے۔ اسی لئے ان کی جماعت کا نتیجہ سو فیصد ہوتا ہے۔

I read in the 10th class. The school where I study is a famous school in the city. Four teachers teach my class. These are all able

but I like Mr. Zaid most of all. He teaches us English and Mathematics. His method of teaching is so good that we learn very soon whatever he teaches us. This is why his class shows hundred percent result.

NO. 6

ایک کنجوس تھا۔ ایک دفعہ اس کا بٹوا گم ہو گیا۔ بٹوے میں ایک سو روپے تھے۔ اس نے اعلان کیا جو میرا بٹوا ڈھونڈ کر لائے گا میں اسے دس روپے دوں گا۔ ایک دن ایک کسان اس کا بٹوا لے کر آیا۔ کنجوس نے بٹوا دیکھا۔ اس میں پورے سو روپے تھے۔ جب کسان نے اپنا انعام مانگا تو کنجوس نے کہا "میرے بٹوے میں ایک سو دس روپے تھے۔ اب صرف ایک سو ہیں تم پہلے ہی دس روپے لے چکے ہو۔

There was a miser. Once he lost his purse. There were hundred rupees in the purse. He announced, " I shall give ten rupees to him who finds and brings the purse to me". One day a farmer came to him with his purse. The miser searched out the purse. There were exact one hundred rupees in it. When the farmer demanded his reward, the miser said, "There were one hundred and ten rupees in my purse. Now they are only one hundred. You have already taken ten rupees"

NO. 7

انارکلی لاہور کا مصروف ترین بازار ہے۔ یہ ہمیشہ لوگوں سے بھرا رہتا ہے۔ دکانیں رات گئے تک کھلی رہتی ہیں۔ آپ یہاں سے تقریباً ہر قسم کی چیزیں خرید سکتے ہیں۔ کچھ لوگ یہاں سے اشیاء خریدنے آتے ہیں لیکن بہت سے لوگ سیر و تفریح کے لیے آتے ہیں۔ انارکلی میں بہت سے پھیری والے بھی ہوتے ہیں۔ وہ بٹن، فیتے، سوئیاں، کلپ اور اس قسم کی دوسری اشیاء بیچتے ہیں۔ کچھ جیب تراش بھی انارکلی میں آتے ہیں۔ اگر آپ انارکلی جائیں تو ان جیب تراشوں سے ہوشیار رہیں۔

Anarkali is the busiest bazaar in Lahore. It is always crowded with people. Shops remain open till late at night. You can buy almost all kinds of goods from here. Some people come here to buy things but many people come only for recreation. There are also many hawkers in Anarkali. They sell buttons, laces, needles, clips and other goods of this kind. Some pickpockets also come to Anarkali. Beware of these pick-pockets if you visit Anarkali.

NO. 8

والدین کی عزت کرنا ہمارا اخلاقی فرض ہے۔ وہ ہمارا بہت خیال رکھتے ہیں۔ وہ ہمیں خوراک دیتے ہیں۔

وہ ہمیں لباس دیتے ہیں۔ وہ ہمیں تمام چیزیں مہیا کرتے ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے۔ وہ ہمیں سکول بھیجتے ہیں تاکہ ہم تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان کی خدمت کریں۔ اس سے ہمیں راحت ملے گی۔

It is our moral duty to respect our parents. They take much care of us. They feed us. They give us clothes. They provide us with all those things which we need. They send us to school so that we may serve them after getting education.It will bring comfort to us.

NO. 9

ایک دفعہ دو دوست سفر پر روانہ ہوئے۔ انہوں نے ایک دوسرے سے وعدہ کیا کہ وہ ایک دوسرے کی مصیبت میں مدد کریں گے۔ وہ ایک جنگل میں پہنچے۔ انہوں نے ایک ریچھ کو اپنی طرف آتے دیکھا۔ ان میں سے ایک بھاگا اور درخت پر چڑھ گیا۔ اس کا دوست درخت پر نہ چڑھ سکا۔ وہ لیٹ گیا اور دم سادھ لیا۔

Once two friends set off on a journey. They promised to help each other in the time of distress. They reached a **forest**. They saw a bear coming towards them. One of them ran **and** climbed up a tree. His friend could not climb up the **tree**. He lay down and held his breath.

NO. 10

شہر آنے سے پہلے ہم گاؤں میں رہتے تھے۔ گاؤں میں ہم لوگ بہت خوش تھے۔ ہم صبح سویرے اٹھتے تھے، منہ ہاتھ دھو کر نماز پڑھتے۔ پھر سرسبز کھیتوں میں سیر کے لئے نکل جاتے۔ دوپہر کو درختوں کی چھاؤں میں سوتے تھے۔ گاؤں کے پاس ایک ندی بہتی تھی۔ اس کا پانی صاف اور ٹھنڈا تھا۔

We lived in a village before we came to city. We were very happy in the village. We got up early in the morning, washed our hands and face and offered prayer. Then we went out for a walk in the green fields. We slept under the shade of trees at noon. A stream flowed **near** the village. Its water was clean and cool.

NO. 11

ایک دفعہ ایک کوا پیاسا تھا۔ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اڑا لیکن اس کو کہیں پانی نہ ملا۔ بالآخر وہ ایک باغ میں پہنچا۔ وہاں اس نے پانی کا ایک گھڑا دیکھا۔ وہ بہت خوش ہوا۔ اس نے گھڑے میں دیکھا۔ پانی اتنا نیچا تھا کہ اس کی چونچ پانی تک نہ پہنچ سکی۔ کوا پیاسا تھا۔ اس نے ایک ترکیب سوچی۔

Once a crow was thirsty. He flew from one place to another but he found water nowhere. At last he reached a garden. He saw a pitcher of water there. He became very happy. He looked into the pitcher. The water was so low that his beak could not reach it. The

crow was wise. He hit upon a plan.

NO. 12

اڑھائی سو سال سے زیادہ کا عرصہ گزرا جرمنی کے ایک چھوٹے سے قصبے میں ایک لڑکا رہتا تھا۔ اس کا نام جارج فریڈرک ہینڈل تھا۔ اس کا والد مشہور ڈاکٹر تھا۔ بوڑھے ڈاکٹر نے ایک دن اپنے بیٹے سے کہا' "جارج تم بھی ایک دن شہرت پاؤ گے۔ تم بڑے ڈاکٹر ہو گے یا جج۔" جارج نے جواب دیا "میں نہ ڈاکٹر بننا چاہتا ہوں نہ جج۔ میں اپنی زندگی موسیقی کے لیے وقف کرنا چاہتا ہوں۔" اور وہ واقعی ایک دن بڑا موسیقار بن گیا۔

More than two hundred fifty years ago there lived a boy in a small town of Germany. His name was George Fredrick Handle. His father was a famous doctor. One day the old doctor said to his son, "George, you will also earn fame one day. You will either become a great doctor or a judge." George replied, "I shall be neither a doctor nor a judge. I want to devote my life to music." And one day he actually became a great musician.

NO. 13

کراچی ایک خوبصورت اور اہم شہر ہے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ یہ بحیرہ عرب کے ساحل پر واقع ہے۔ یہاں کی آب و ہوا معتدل ہے۔ یہاں نسیم بری اور نسیم بحری چلتی رہتی ہیں۔ ایک وقت کراچی پاکستان کا دارالحکومت تھا۔ یہ ایک بندرگاہ ہے۔ دوسرے ملکوں سے ہماری تجارت اسی بندرگاہ کے ذریعے ہوتی ہے۔ ہمارے محبوب رہنما قائداعظم کراچی میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کا مزار بھی اسی شہر میں ہے۔ جو لوگ بھی کراچی جاتے ہیں قائداعظم کے مزار پر فاتحہ پڑھتے ہیں۔

Karachi is a beautiful and important city. Karachi is the biggest city of Pakistan. It is situated on the shore of the Arabian sea. Its climate is temperate. Land breeze and sea breeze blow here. Once Karachi was the capital of Pakistan. It is a sea port. Our trade with other countries is carried through this port. Our beloved leader Quaid-i-Azam was born at Karachi. His mausoleum is also in this city. The people who visit Karachi, do offer "Fateha" at Quaid-i-Azam'stomb.

NO. 14

جوہری توانائی کو انسان کے فائدے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسے دنیا کو تباہ کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جوہری توانائی ہمارے لیے بجلی پیدا کر سکتی ہے۔ کراچی میں ایک بجلی گھر ہے۔ آج کل جوہری توانائی سے پیدا کی جانے والی بجلی سستی ہونے کے امکان موجود ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ

جوہری توانائی کو صرف پر امن مقاصد کے لیے استعمال کریں۔

Atomic energy can be used for the welfare of man. It can also be used to destroy the world. Atomic energy can produce electricity for us. There is a power house in Karachi. There are possibilities of cheap electricity produced by atomic energy today. We should use atomic energy only for peaceful purposes.

NO. 15

انور میرا سب سے بہترین دوست ہے۔ اس کے والد ایک استاد ہیں۔ وہ بہت نیک اور ایماندار آدمی ہیں۔ انور ہمارے گھر کے قریب ہی رہتا ہے۔ اس کا مکان بہت اچھا اور خوبصورت ہے۔ ہم اکٹھے سکول جاتے ہیں۔ شام کو میں اس کے گھر جاتا ہوں۔ ہم اکٹھے پڑھتے ہیں۔ وہ امتحان میں ہمیشہ اول آتا ہے۔ وہ صاف ستھرے کپڑے پہنتا ہے۔

Anwar is my best friend. His father is a teacher. He is very gentle and honest man. Anwar lives quite near to our house. His house is very good and beautiful. We go to school together. I go to his house in the evening. We study together. He always stands first in the examination. He wears neat and clean clothes.

NO. 16

دودھ ایک مکمل غذا ہے۔ یہ میٹھا اور لذیذ ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ ہم زیادہ تر دودھ گائے اور بھینس سے حاصل کرتے ہیں۔ دودھ ہمیں صحت مند اور طاقتور بناتا ہے۔ ہم اس سے دہی، مکھن اور پنیر بھی بناتے ہیں۔ بچوں اور مریضوں کے لیے دودھ بیش قیمت غذا ہے۔ دودھ کو ہمیشہ ابال کر استعمال کرنا چاہیے۔

Milk is a perfect diet. It is sweet and delicious. Its colour is white. We get milk mostly from cow and buffalo. Milk makes us healthy and powerful. We also make curd, butter and cheese from it. Milk is a valuable diet for children and patients. Milk must be used after boiling.

NO. 17

شیر ایک طاقتور جانور ہے۔ یہ دیکھنے میں بہت خوفناک نظر آتا ہے۔ اس کی گردن پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔ یہ افریقہ اور ایشیاء کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔ یہ غاروں میں رہتا ہے۔ اسے جنگل کا بادشاہ کہتے ہیں۔ یہ انسان کا بڑا دشمن ہے۔ لیکن شکاری اس کے بچوں کو چرا لیتے ہیں۔ وہ ان کو سدھاتے اور سرکس میں ان سے کام لیتے ہیں۔

Lion is a powerful animal. It looks very dangerous. It has long hair

on its neck. It is found in the jungles of Africa and Asia. Itlives in caves. It is called the King of jungle. It is the worst enemy of man, but the hunters steel away its cubs. They train them and make them work in circus.

NO. 18

ایک نوجوان باغ میں بیٹھا تھا۔ وہ کچھ فکر مند تھا۔ کچھ دیر بعد ایک بوڑھا آدمی باغ میں داخل ہوا۔ اس نے نوجوان کو ایک خط دیا۔ نوجوان نے خط کھولا اور اسے پڑھا۔ وہ خط پڑھ کر بہت خوش ہوا۔ اس کے فکر مندی کے آثار غائب ہو گئے۔ اس نے بوڑھے آدمی کا شکریہ ادا کیا۔

A young man was sitting in a garden. He was a bit worried. An oll man entered the garden after sometime. He gave a letter to the young man. The young man opened the letter and read it. He became happy after reading the letter. His signs of anxiety disappeared. He thanked the old man.

NO. 19

لاہور ایک پرانا اور تاریخی شہر ہے۔ یہ دریائے راوی کے کنارے پر واقع ہے۔ یہ صوبہ پنجاب کا دارالحکومت ہے۔ اس شہر میں بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں۔ بادشاہی مسجد دنیا کی سب سے بڑی مسجدوں میں سے ایک ہے۔ شاہی مسجد کے پاس ہی علامہ اقبال کا مزار ہے۔ اقبال نے ہم کو پاکستان کا تصور دیا تھا۔ قرارداد پاکستان لاہور ہی میں منظور کی گئی تھی۔ مینار پاکستان اسی قرارداد کی یاد میں تعمیر کیا گیا۔ یہ اقبال پارک میں تعمیر کیا گیا۔

Lahore is an old and historical city. It is situated on the bank of the River Ravi. It is the capital of Punjab province. There are many historical buildings in this city. Badshahi Mosque is one of the biggest mosques in the world. The tomb of Allama Iqbal is quite beside the Shahi Mosque. Iqbal gave us the idea of Pakistan. Pakistan Resolution was passed in Lahore. Minar-e-Pakistan was built in the commemoration of this resolution. It was built in Iqbal **Park.**

NO. 20

لہ دین چین کے شہر پیکنگ میں رہتا تھا۔ اس کا والد درزی کا کام کرتا تھا۔ وہ بہت محنتی شخص تھا۔ لہ دین ابھی چھوٹا ہی تھا کہ اس کے والد کا انتقال ہو گیا۔ لہ دین اور اس کی والدہ نے بہت افلاس کی زندگی گزاری۔ لہ دین بہت کاہل تھا۔ وہ تمام دن گلیوں میں کھیلتا اور کوئی کام نہیں کرتا تھا۔ البتہ وہ جسمانی طور پر مضبوط اور طاقت ور تھا۔

Allah Din lived in Beijing a city in China. His father was a tailor. He was very hardworking man. Allah Din was yet a minor when his father died. Allah Din and his mother spent their lives in poverty. Allah Din was very sluggish. He played day long in the streets and did not work. Instead he was physically strong and powerful.

NO. 21

چڑیا گھر میں ہم نے بہت سے جانور دیکھے۔ یہ جانور ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھے تھے۔ ہم سب بہت خوش ہوئے۔ میرا چھوٹا بھائی خاص طور پر خوش ہوا۔ جب اس نے مور کو دیکھا تو خوشی سے اچھلنے لگا۔ اس نے ابا جان سے کہا" ابا جان! کیا آپ مجھے ایک مور خرید کر دے سکتے ہیں؟ یہ بہت خوبصورت جانور ہے۔" ابا جان نے بتایا کہ یہ مور بیچنے کے لیے نہیں ہیں۔

We saw many animals in the zoo. We had not seen these animals before. We all were very happy. My younger brother, in particular, was very pleased. When he saw the peacock, he began to jump with joy. He said to the father, "Father, can you buy me a peacock? It is very beautiful animal." Father told him that those peacocks were not for sale.

NO. 22

میری والدہ مجھ سے بہت محبت کرتی ہے۔ وہ میری صحت کا ہمیشہ خیال رکھتی ہے۔ ایسی خوراک پکاتی ہے۔ جو میں پسند کرتا ہوں۔ لیکن مجھے زیادہ کھانے سے روکتی ہیں۔ مجھے اچھے اچھے کپڑے دیتی ہیں۔ زیادہ قیمتی کپڑوں کے خلاف ہیں۔ مجھے باقاعدہ کتابیں پڑھاتی ہیں۔ میں انگریزی میں ذرا کمزور ہوں۔ لہٰذا انہوں نے میرے لیے ایک استاد رکھا ہے۔ مجھے روزانہ پڑھنے کی تاکید کرتی ہیں۔

My mother loves me very much. She always takes care of my health, cooks food that I like, but warns me from over eating. She gives me good clothes, but she is against costly clothes. She teaches me books regularly. I am a little weak in English. Therefore, she has employed a teacher for me. She daily reminds me to study.

NO. 23

اورنگ زیب بڑا نیک دل اور خدا ترس بادشاہ تھا۔ وہ بہت سویرے جاگ اٹھتا اور خدا کی عبادت کیا کرتا تھا۔ اس نے اپنے عہد حکومت میں یہ حکم جاری کر رکھا تھا کہ صبح بستر سے اٹھ کر خدا کی عبادت کرو۔ اور نیک کام کر دتا کہ سارا دن خوشی خوشی گزر جائے۔ وہ خود سورج نکلتے ہی دربار لگاتا۔ غریبوں محتاجوں

اور مظلوموں کی فریاد سنتا۔ وہ ان سے محبت سے پیش آتا۔ نہایت توجہ سے ان کا حال پوچھتا اور ان کی
مرادیں پوری کرتا۔

Aurangzeb was a good natured and God-fearing king. He got up early in the morning and worshipped God. During his reign he had issued order to leave the bed early and pray to God and do noble deeds so that the whole day may be spent in pleasure. He himself held court with sunrise, listened the petitions of the poor, the needy and the wronged. He behaved them with love, listened them with great attention and fulfilled their desires.

NO. 24

یہ نوجوان قائداعظم کو قتل کرنے کے ارادے سے آیا تھا۔ جب اس نے دیکھا کہ کوئی آس پاس نہیں ہے
اس نے تیزی سے چاقو نکالا۔ وہ قائداعظم کی طرف لپکا۔ اللہ تعالیٰ نے قائداعظم کو بہت عقل اور حوصلہ
عطا کیا تھا۔ انہوں نے اپنا لمبا بازو بڑھا کر قاتل کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لیا۔ انہوں نے اپنے پرائیویٹ
سیکرٹری کو آواز دی۔ مجرم کو گرفتار کر لیا گیا تھا۔ تمام لوگوں نے دیکھ لیا کہ قائداعظم بہادر انسان تھے۔

This young man had come to kill Quaid-i-Azam. When he saw that there was nobody nearby, he quickly pulled a knife. He pounced upon Quaid-i-Azam. God had blessed Quaid-i-Azam with much wisdom and courage. He stretched out his long arm and caught the murderer's hand firmly. He called his private secretary. The culprit was arrested. All the people saw that Quaid-i-Azam was a brave man.

NO. 25

حضرت محمد ﷺ مکے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام عبداللہ تھا۔ آپ کے دادا نے آپ کی پرورش
کی۔ جب آپ پچیس برس کے ہو گئے تو آپ نے حضرت خدیجہؓ سے شادی کر لی۔ جب آپ چالیس برس
کے ہوئے تو آپ نے کہا کہ میں پیغمبر ہوں۔ میری بات غور سے سنو۔ خدا ایک ہے اس کی عبادت کرو۔

Hazrat Muhammad (peace and blessings of Allah be upon him) was born in Makkah. His father's name was Abdullah. His grand-father brought him up. He married Hazrat Khudaija when he was twenty five years old. When he was forty years of age he said, " I am prophet. Listen to my words carefully. God is one, worship him."

NO. 26

پرانے زمانے میں کابل میں ایک سوداگر رہتا تھا۔ اس کا ایک بیٹا تھا۔ سوداگر کے بیٹے کو بچپن ہی سے پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ باپ نے اس کو پوری توجہ سے پڑھایا۔ اسے اچھے اچھے استادوں کے پاس بھیجا اچھے اچھے مدرسوں میں تعلیم دلوائی اور اچھی سے اچھی کتابیں مہیا کیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ جوان ہوتے ہوتے اس زمانے کے اکثر علوم میں ماہر ہو گیا۔ اس کے علم کی شہرت بادشاہ تک پہنچی تو وہ بہت خوش ہوا۔ بادشاہ نے سوداگر کے بیٹے کو وزیر بنا لیا۔ اور اپنا ہر کام اس کے مشورہ سے کرنے لگا۔

In ancient days, there lived a merchant in Kabul. He had a son. The merchant's son had been very fond of acquiring education since his childhood. His father got him educated with great care. He sent him to good teachers, got him seek education in good schools and provided him with good books. The result was that by growing into youth, he became skillful in most branches of earning of that time. When the fame of his learning made its way to the king, he became very happy. The King made the merchant's son his minister and became to administer his every affair in consultation with him.

NO. 27

یہ ہمارا مکان ہے۔ جب ابا جان نے یہ مکان خریدا میری عمر صرف پانچ سال تھی۔ دس برس سے میں اس مکان میں رہ رہا ہوں۔ ہمارا کنبہ بہت بڑا ہے۔ لیکن یہ مکان بہت چھوٹا ہے۔ ابا جان کہتے ہیں کہ وہ اس مکان کو بیچ دیں گے اور ایک بڑا مکان گلبرگ میں خریدیں گے۔ مگر میں اس مکان کو چھوڑنا نہیں چاہتا۔ مجھے اس مکان سے محبت ہو گئی ہے۔

This is our house. I was only five years old when father bought this house. I have been living in this house for ten years. Our family is very large but this house is very small. Father says that he will sell this house and buy a big one in Gulberg. But I do not want to leave this house. I have fallen in love with this house.

NO. 28

امجد کے والد بچپن میں ہی فوت ہو گئے تھے۔ وہ یتیم ہو گیا۔ اس کا چچا اسے اپنے گھر لے آیا۔ چچا کا کوئی بیٹا نہیں تھا۔ اس نے اپنے بیٹے کی طرح اس کی پرورش کی۔ امجد نے ایم اے کا امتحان پاس کر لیا۔ اور اسے ایک اچھی سی ملازمت مل گئی۔ اب اس کا چچا بوڑھا ہو چکا تھا۔ امجد نے اپنے باپ کی طرح اپنے چچا کی خدمت کی۔ چچا نے امجد کو اپنا داماد بنا لیا۔ امجد اب اپنے چچا کے کنبے کا ممبر بن گیا۔

Amjad's father had died in his childhood. He became orphan. His

uncle took him to his house. His uncle had no son. He brought him up as his son. Amjad passed his M.A. examination and he got a good job. Now, his uncle had grown old. Amjad served his uncle as his father. Uncle adopted him as his son-in-law. Amjad became a member of his uncle's family.

NO. 29

حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی تھیں جو کہ رسول ﷺ کے گہرے دوست تھے۔ آپؓ رسول اللہ ﷺ کی بیوی تھیں۔ آپ ایک چھوٹے سے کمرے میں رہتی تھیں۔ یہ ایک سادہ سا کمرہ تھا جس کی چھت نیچی تھی۔ حضرت عائشہؓ گھر کا کام خود کرتی تھیں۔ آپ کی زندگی سادہ تھی۔ آپ کو رسول ﷺ سے بڑی محبت تھی۔ آپ بہت ذہین تھیں۔ اور اسلام کے بارے میں بہت کچھ جانتی تھیں۔

Hazrat Aisha (May God be pleased with her) was the daughter of Hazrat Abu Bakr who was an intimate friend of the Holy Prophet (Peace be upon him). She was the wife of the Prophet (Peace be upon him). She lived in a small room. It was a simple room. It had low roof. Hazrat Aisha did her household work herself. She spent simple life. She had great love for the Holy Prophet (PBUH). She was very intelligentand knew much about Islam.

NO. 30

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کوے کو گوشت کا ایک ٹکڑا ملا۔ وہ درخت کی شاخ پر بیٹھ گیا۔ اتنے میں ایک لومڑی ادھر آ پہنچی۔ لومڑی نے دل میں کہا "یہ ٹکڑا مجھے اس کوے سے حاصل کرنا چاہیے۔" اس نے قریب جا کر کوے سے کہا "میں نے سنا ہے کہ تم اچھا گا سکتے ہو۔ تمہاری آواز بڑی میٹھی ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ تمہارے گیت کا مزہ اٹھاؤں۔ کیا تم مہربانی کر کے گانا سناؤ گے۔" اس پر کوا خوش ہو گیا۔

Once a crow got a piece of meat. He sat on the branch of a tree. Meanwhile a fox reached there. The fox said to itself, "I should get this piece from this crow" Coming close to it he said to the crow, "I have heard you can sing well. You have melodious voice. Iwish to enjoy your song. Will you please sing a song?". The crow felt happy on this.

NO. 31

یہ تصویر ہمارے گاؤں کی ہے۔ گاؤں کے باہر ہرے بھرے کھیت ہیں۔ اب گرمی کا موسم ہے۔ سورج خوب چمک رہا ہے۔ وہ سامنے گندم کے کھیت ہیں۔ گندم کے کھیتوں میں بڑی چہل پہل ہے۔ جوان، بوڑھے، مرد اور عورتیں مل کر کام کر رہے ہیں۔ فصل پکی ہوئی ہے۔ دیہاتی اب کٹائی کریں گے اور اپنی

فصل کو شہر میں لے جائیں گے۔ ہمارے گاؤں میں بہت سی قابل دید چیزیں بھی ہیں۔ ہم گاؤں میں خوش ہیں۔ ہم اپنے گاؤں کو خوبصورت بنائیں گے۔

This is the picture of our village. There are green fields outside the village. Now it is summer season. The sun is shining brightly. Wheat-fields are there lying ahead. There is great hustle and bustle in wheat fields. Young, old, men and women are working together. The crop is ripe. The villagers will reap the harvest now and carry their crop to the city. There are also many things of worth seeing in our village. We are happy in the village. We shall beautiful our village.

NO. 32

حضرت علیؓ رسول اکرم ﷺ کے چچا کے بیٹے تھے۔ آپ کے چچا کا نام ابو طالب تھا۔ ابو طالب امیر نہیں تھے۔ حضرت علیؓ رسول اکرم ﷺ کے پاس رہتے تھے۔ وہ نو سال کی عمر میں مسلمان ہوئے۔ آپ نے کئی جنگوں میں حصہ لیا اور کئی کافروں کو قتل کیا۔ آپ حضرت عثمانؓ کی وفات کے بعد خلیفہ بنے۔ آپ چوتھے خلیفہ تھے۔ رسول اکرم ﷺ نے اپنی بیٹی کی شادی آپ سے کر دی۔ حضرت علی بہادر اور عالم تھے۔ آپ کو رسول مقبول ﷺ سے بے حد پیار تھا۔

Hazrat Ali (May God be pleased with him) was the cousin of the Holy Prophet (Peace be upon him). The name of the Prophet's uncle was Abu Talib. Abu Talib was not rich. Hazrat Ali lived with the Holy Prophet (Peace be upon him). He embraced Islam when he was nine years old. He took part in many battles and killed many non-believers. He became caliph after the death of Hazrat Usman. He was the fourth caliph. The Holy Prophet (Peace be upon him) got his daughter married with him. Hazrat Ali was brave and scholar. He had great love for the Holy Prophet (Peace be upon him).

NO. 33

آدمی اپنی قسمت خود بناتا ہے۔ اس کو چاہیے کہ محنت کرے اور لگن سے کام کرے تاکہ وہ اپنی زندگی میں کامیاب ہو سکے۔ محنت اس دنیا کی سب سے بڑی حقیقت ہے جس کو جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ اگر ہم ماضی میں نظر دوڑائیں تو معلوم ہوگا کہ جتنے بھی عظیم آدمی گزرے ہیں سب نے محنت اور ہمت سے کام لیا اور اپنی قسمت سنواری۔ ابراہم لنکن امریکہ کا صدر گزرا ہے۔ اگر ہم اس کی زندگی کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ وہ لکڑہارے کا بیٹا تھا۔ لیکن اس کو پڑھنے کا شوق تھا۔

Man architects his own fate. He should work hard with devotion so that he may succeed in his life. Hard work is the greatest truth

that cannot be falsified in this world. If we look back into the past, it will be clear that all the great men of the past laboured and worked with courage and ornamented their fate. Abraham Lincon had been the President of America. If we study his life history we shall come to know that he was the son of a woodcutter. But he had thirst for study.

NO. 34

مدینہ عرب کا ایک مقدس شہر ہے۔ یہ مکہ سے تقریباً تین سو میل کے فاصلہ پر ہے۔ کاریں یہ فاصلہ چھ سات گھنٹے میں طے کرتی ہیں۔ مدینہ پیغمبر اسلام کا شہر ہے۔ یہاں کی مساجد ہیں لیکن سب سے زیادہ مشہور مسجد نبوی ہے۔ اس مسجد میں رسول پاک ﷺ کا روضہ مبارک ہے۔ یہاں ایک لاکھ مسلمان نماز پڑھ سکتے ہیں۔ مدینہ میں کئی ہوٹل ہیں۔ یہاں پرانی عمارتیں بھی ہیں۔

Madina is a sacred city of Arab. It is about three hundred miles from Makkah. Cars cover this distance in six to seven hours. Madina is the city of the Holy Prophet (Peace be upon him). There are many mosques there but Masjid-i-Nabvi is the most famous of them all. The sacred grave of the Holy Prophet (Peace be upon him) is lying in this mosque. One million Muslims can offer prayer here. There are many hotels in Madina. There are old buildings also.

NO. 35

میں نے شیر کو دور سے دیکھا۔ وہ جھاڑیوں میں بیٹھا تھا۔ شیر نے ہمیں نہیں دیکھا۔ میں نے اپنے ساتھی سے کہا تم یہیں خاموش بیٹھے رہو۔ میں شیر کے قریب جاتا ہوں۔" اس کے بعد میں نے آہستہ آہستہ شیر کی طرف بڑھنا شروع کر دیا۔ اگر میں ذرا سا شور کرتا تو وہ بھاگ جاتا۔ آخر میں اس کے قریب پہنچ گیا۔ وہ مجھے پتوں میں سے صاف دکھائی دے رہا تھا۔ اس نے ابھی تک مجھے نہیں دیکھا تھا۔ میں نے بڑی احتیاط سے بندوق اٹھائی۔

I saw the lion from a distance. He was sitting in the bushes. The lion did not see us. I said to my companion. "You keep sitting silently here. I go near the lion." After this I began to advance slowly towards the lion. Had I caused a little noise he would have run away. At last I came close to him. He was clear in my sight through the leaves. He had not caught sight of me yet. I took my gun with great care.

NO. 36

چودھری اسلم کا دوست ۔ ۔ مدت کے بعد ملنے کے لیے آیا۔ اس نے محسوس کیا کہ چودھری غمگین معلوم

ہوتا ہے۔ اس نے پوچھا "چودھری صاحب کیا بات ہے؟ اداس کیوں رہتے ہو؟"
چودھری: کوئی خاص بات نہیں۔
ایوب: "خاص نہیں تو عام سہی آپ بے چین کیوں ہیں؟"
چودھری: "دنیا میں چین کسے ہے؟ نہ دن کو چین نہ رات کو آرام۔"
ایوب: دنیا آپ سے متفق نہیں۔ یہ انسان کی کم ہمتی ہے جو اس کو مایوس کر دیتی ہے۔

The friend of Chaudhry Aslam came to see him after a long time. He felt that Chaudhry looked sad. He asked, "Chaudhry Shahib, what is the matter? Why do you look sad?"
Chaudhry: " There is nothing special." Ayub; "Let it be something general. Why are you restless?"
Chaudhry: "Who enjoys rest in this world? There is no rest round the clock".
Ayub: "World does not agree with you. It is the lack of courage that disappoints a man".

NO. 37

یہ سردیوں کی ایک رات تھی۔ ہم سو رہے تھے۔ یکایک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں اور میرے والد اٹھ بیٹھے۔ ہم نے سوچا یہ کوئی چور ہوگا۔ اس لیے ہم نے بندوق لے لی۔ اور دروازے پر آ گئے۔ میرے والد نے پوچھا "دروازے پر کون ہے؟" جواب ملا "میں ایک غریب آدمی ہوں اور بھوکا ہوں۔" ہم نے دروازہ کھولا اس کو اندر لے آئے اور کچھ کھانے کو دیا۔ اس نے ہمارا شکریہ ادا کیا اور چلا گیا۔

It was a winter night. We were sleeping. Suddenly someone knocked at the door. My father and I got up. We thought that it would be a thief. So we took gun and came to the door. My father asked. " Who is at the door?" The answer was, "I am a poor and hungry man." We opened the door, got him in and gave him something to eat. He thanked us and wentaway.

NO. 38

اب مڈل تک تعلیم مفت ہو گئی ہے۔ اب غریبوں کے بچے بھی تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ حکومت پاکستان نے کالج اور سکول اپنے کنٹرول میں لے لیے ہیں۔ ملک میں ہر شخص کو برابر کے حقوق ہوں گے۔ حکومت ذہین بچوں کو وظائف دے گی۔ وہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ ہم نیا اور مضبوط پاکستان بنائیں گے۔ ہمیں ملک کی ترقی کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔

Education is free upto the Middle Standard now. The poor children will also be able to get education now. Pakistan

Government has nationalized schools and colleges. Everybody will have equal rights in the country. The Government will award scholarship to the talented children. They will be able to get education in superior educational institutions. We shall build a new and strong Pakistan. We should struggle for the progress of the country.

NO. 39

عابی میرے بچپن کی دوست تھی۔ اکٹھے کھیلا پڑھا۔ پھر میری ایف اے کے بعد شادی ہو گئی اور میں اپنے میاں کے ساتھ لندن چلی گئی۔ عابی نے آگے پڑھا یا اس کی شادی ہو گئی مجھے کچھ خبر نہ ملی۔ جب میں پانچ برس کے بعد وطن لوٹی تو ایک روز بازار میں اچانک عابی کی بڑی بہن سے میری ملاقات ہو گئی۔ میں نے بے تابی سے عابی کے متعلق پوچھا تو ان کی آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے۔ میرا گھر نزدیک ہی تھا۔ میں ان کو اپنے ساتھ لے آئی تا کہ وہ اطمینان سے مجھے عابی کے بارے میں کچھ بتا سکیں۔

Aabi had been my friend since childhood. We played and studied together. Then I was married after F.A. and went to London with my husband. I did not know whether Aabi studied further or she got married. One day I suddenly came upon the elder sister of Aabi in bazaar, when I got back home after five years. When I asked about Aabi impatiently, her eyes were full of tears. My house was quite near. I took her with me so that she may be able to tell me something about Aabi with peace of mind.

NO. 40

صدر مملکت نے ادیبوں، شاعروں، دانشوروں، مفکروں اور عالموں پر زور دیا کہ اپنی ادبی تخلیقات کے ذریعے ملک کو اسلامی اور فلاحی مملکت بنانے میں حکومت کی مدد کریں۔ صدر گزشتہ روز رضوان صدیقی کی کتاب "ایک گاؤں کی کہانی" کی تعارفی تقریب میں شاعروں، ادیبوں کے بہت بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

The President had laid stress on writers, poets, intellectuals, thinkers and scholars to help the government in making the country Islamic and Welfare State through their literary work. The President was addressing a big gathering of poets and writers on the occasion of inaugural ceremony of Rizwan Siddiqi's book "The Story of a Village" the last day.